★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
تعمیر وطن کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta
جلد نمبر 27 ...... شمارہ نمبر 280 بروز بدھ 8 جولائی 2026ء 22 محرم الحرام 1448ھ ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان ...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

ڈکی، ڈیمہ میں بارودی مواد دھماکے سے پھٹنے سے موٹر سائیکل سوار ایک شخص ہلاک

ڈکی (آن لائن) تحصیل لونی کے علاقے میں ڈیمہ میں بارودی مواد دھماکے سے پھٹنے کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار ایک شخص ہلاک ہوگیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز تحصیل لونی کے علاقہ ڈیمہ میں کچی سڑک پر نصب دھماکہ خیز مواد زوردار دھماکے سے پھٹنے کے نتیجے میں قریب سے گزرنے والا موٹر سائیکل سوار ہلاک ہوگیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر نعش ہسپتال منتقل کر دی جس کی شناخت گل بیگ سکنہ کلی ڈیمہ تحصیل لونی کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

نوشکی، گلنگلو کیشنگی کوٹوری، تفتان آر سی ڈی شاہراہ پر مسلح افراد نے 2 بوزر گاڑیوں کو آگ لگا دی

نوشکی (آن لائن) نوشکی کے علاقے گلنگلو کیشنگی کوٹوری، تفتان آر سی ڈی شاہراہ پر مسلح افراد نے 2 بوزر گاڑیوں کو آگ لگا دی جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہوگئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ تفتان آر سی ڈی شاہراہ پر مسلح افراد نے گلنگلو کیشنگی کوٹوری کے علاقے میں این 40 شاہراہ پر ناکہ بندی کر کے 2 بوزر گاڑیوں کو نذر آتش کر دیا جس سے دونوں گاڑیاں جل گئیں اور آگ کے شعلے آسمان کی بلندیوں کو چھوتے رہے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ نے موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر کارروائی شروع کر دی

سرفراز بگٹی کا زیارت میں فتنہ الخوارج کے خلاف پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن پر اظہار اطمینان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا زیارت میں فتنہ الخوارج کے خلاف پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن میں دہشت گردوں کی ہلاکت پولیس اور (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ژمری، پلاسین روڈ نہایت اہم بین الصوبائی شاہراہ ہے، میر سلیم کھوسہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع موسیٰ خیل میں واقع ژمری۔ پلاسین روڈ ایک نہایت اہم بین الصوبائی شاہراہ ہے لہٰذا اس منصوبے پر تعمیراتی کام ہر صورت آئندہ دس روز کے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

گورنر بلوچستان کا نیوٹرا ماسینٹر کا دورہ، حالیہ ہنہ اوڑک حملے میں زخمیوں کی خیریت دریافت کی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے نیوٹرا ماسینٹر [illegible] روڈ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے حالیہ ہنہ اوڑک میں ہونے والے دہشت گرد حملے میں زخمی ہونے والوں کی خیریت دریافت کی اور متعلقہ حکام کو فوری طور پر تمام طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

شرکاء کو آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے مانگی ڈیم واقعہ، دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشن، سیکیورٹی صورتحال اور آئندہ کی حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ دی

امن و امان سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس

وزیراعلیٰ بلوچستان کا دہشتگردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کا حکم

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بغیر بلٹ پروف عام گاڑی میں بذریعہ سڑک زیارت پہنچ گئے، شہداء کے اہل خانہ سے اظہار یکجہتی اور عوام کو ہر قیمت پر تحفظ فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ

زیارت (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی دہشت گردی کے حالیہ واقعے کے بعد مانگی ڈیم اور زیارت کے متاثرہ علاقوں میں امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لینے، شہداء کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت، زخمیوں کی عیادت اور سیکیورٹی فورسز سے اظہار یکجہتی کے لیے بغیر بلٹ پروف عام گاڑی میں بذریعہ سڑک زیارت پہنچ گئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت آئی جی پولیس نے زیارت میں مانگی ڈیم واقعہ اور مجموعی امن و امان کی صورتحال پر بریفنگ دی اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، اراکین صوبائی اسمبلی سمیت اعلیٰ سول و عسکری حکام اور مقامی انتظامی افسران نے شرکت کی آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے مانگی ڈیم واقعہ، دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشن، سیکیورٹی صورتحال اور آئندہ کی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سندھ طاس معاہدے پر بھارتی اقدامات کے خلاف پاکستان کا متفقہ موقف، آبی حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ، سیاسی و حکومتی قیادت کا سخت ردعمل

بھارت کی یکطرفہ کارروائیاں عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہیں سندھ طاس معاہدے کی معطلی سے بھارت کو شرمندگی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوا، عطاء اللہ تارڑ و دیگر کا اظہار خیال

پاکستان اپنے آبی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریگا
سندھ طاس معاہدے کے دفاع کا اعلان

سندھ طاس معاہدہ پاکستان کی آبی، غذائی، توانائی اور قومی سلامتی سے براہ راست جڑا ہوا معاملہ ہے، خواجہ آصف، بیرسٹر دانیال چوہدری، سینیٹر افنان چوہدری، بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد (آن لائن) بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے سے متعلق حالیہ اقدامات پر پاکستان کی سیاسی اور حکومتی قیادت نے متفقہ ردعمل دیتے ہوئے انہیں بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ مختلف رہنماؤں نے واضح کیا ہے کہ پاکستان اپنے آبی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر قانونی، سفارتی اور بین الاقوامی فورم پر مؤثر انداز میں آواز اٹھاتا رہے گا۔ چیئرمین واپڈا نے کہا کہ بھارت کے مغربی دریاؤں پر نئے منصوبے جنوبی ایشیا کی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

وفاقی کابینہ نے 2027 تا 2030 حج پالیسی کی منظوری دے دی

مالی سال 2025-26 کے دوران ریلوے کی آمدن 115 ارب روپے سے تجاوز کر گئی

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں 2027 تا 2030 کی چار سالہ قومی حج پالیسی کی منظوری دے دی گئی، جبکہ پاکستان ریلوے کی بہتر مالی کارکردگی کو سراہتے ہوئے متعلقہ وزارت کی کارکردگی کی تعریف بھی کی گئی۔ اجلاس کے اعلامیے کے مطابق کابینہ نے رواں برس حج کے بہترین انتظامات پر (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

بلاول بھٹو کی زیارت میں پولیس چوکی پر بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے زیارت میں پولیس چوکی پر بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف پوری (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

دالبندین کے قریب لاگاپ میں انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن، چھ دہشت گرد ہلاک

کارروائی کے بعد جائے وقوعہ سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر جنگی سامان برآمد

دالبندین (آن لائن) سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دالبندین کے علاقے لاگاپ میں فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن (IBO) کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان کارروائی میں چھ دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ کارروائی کے بعد (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

زیارت کے علاقے ماگی سے اغواء اور شہید کیے گئے پولیس اہلکاروں کی فہرست

کوئٹہ (آن لائن) زیارت کے علاقے ماگی سے اغواء اور شہید کیے گئے پولیس اہلکاروں کی فہرست سمیع علی پی ایس ماگی، افتخار محمد پی ایس زیارت، انس علی اے ٹی ایف ونگ، جبار رحمان اے ٹی ایف ونگ، محمد اقبال اے ٹی ایف ونگ، محمد سلیم اے ٹی ایف ونگ، سلطان جنان (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

نوجوانوں کیلئے ملک بھر میں ڈیجیٹل یوتھ ہبز قائم کیے جا رہے ہیں، رانا مشہود

ہم آہنگ زراعت اور مونگ پھلی کی ویلیو چین کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کاروباری صلاحیتوں کے فروغ اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق مہارتوں سے آراستہ کیا جائے گا

راولپنڈی (آن لائن) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ حکومت ملک بھر میں ڈیجیٹل یوتھ ہبز قائم کر رہی ہے تاکہ نوجوانوں کو جدید تربیت، روزگار کے بہتر مواقع، کاروباری صلاحیتوں کے فروغ اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق مہارتوں سے آراستہ کیا جا سکے۔ انہوں نے یہ بات پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی اور (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

زیارت، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سانحہ زیارت میں شہید اہلکاروں کے لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

اب وہ دن بہت قریب ہے جب ڈسٹرکٹ ژوب پورے خطے کیلئے ایک اہم تعلیمی مرکز ثابت ہوگا، جعفر خان مندوخیل

گورنر بلوچستان

سیاست درحقیقت عوام کی خدمت اور انکے حقوق و اختیارات کا تحفظ ہے

پورے صوبے بالخصوص ژوب ڈویژن میں تعلیم، ہیلتھ کیئر اور انفراسٹرکچر کی جو مضبوط و مستحکم بنیادیں رکھی ہیں، وفود سے بات چیت

پنجاب حکومت کے تعلیمی پروجیکٹ کے تحت دانش سکول اور دیگر تعلیمی اور فنی اداروں کے عوام کی مجموعی زندگی پر بہت تعمیری اثرات مرتب ہونگے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سیاست درحقیقت عوام کی خدمت اور انکے حقوق و اختیارات کا تحفظ ہے۔ میں نے اپنے چالیس سالہ سیاسی کیریئر میں پورے صوبے بالخصوص ژوب ڈویژن میں تعلیم، ہیلتھ کیئر اور انفراسٹرکچر کی جو مضبوط و مستحکم بنیادیں رکھی ہیں مجھے یقین ہے کہ وہ تمام ترقیاتی منصوبے و اقدامات ہماری آنے والی نسلوں کو بھی فائدہ پہنچائیں گے۔ اب وہ دن بہت قریب ہے جب ڈسٹرکٹ ژوب پورے خطے کیلئے ایک اہم تعلیمی مرکز ثابت ہوگا۔ یونیورسٹی ژوب کیمپس، پنجاب حکومت کے تعلیمی پروجیکٹ کے تحت (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نیوٹرا ماسینٹر میں حالیہ ہنہ اوڑک حملے کے بعد میڈیا پرسنز سے گفتگو کر رہے ہیں

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کے امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی، صوبائی وزیر

امن دشمنوں سے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا، علی مدد جتک

ریاستی ادارے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے، رہنماء پیپلز پارٹی

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے ضلع زیارت میں پولیس اہلکاروں پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ، سفاکانہ اور انسانیت سوز کارروائی قرار دیا ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

سانحہ ہنہ اوڑک شہداء کے ورثاء نے کوئٹہ اور اندرون بلوچستان کی داخلی شاہراہوں کو بند کرنیکا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) قبائلی و سماجی رہنماء سردار نسیم پانیزئی اور سانحہ ہنہ اوڑک شہداء کے ورثاء نے کوئٹہ اور اندرون بلوچستان کی داخلی شاہراہوں کو بند کرنیکا اعلان کر دیا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

عبدالستار ایدھی نہ صرف انسان دوست تھے بلکہ قومی وقار اور فخر کی ایک دائمی علامت بھی تھے، زرداری

ان کی انتھک محنت سے قائم ادارے آج بھی لاکھوں افراد کی خدمت کر رہے ہیں، عبدالستار ایدھی کی برسی پر پیغام

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ عبدالستار ایدھی نہ صرف انسان دوست تھے بلکہ قومی وقار اور فخر کی ایک دائمی علامت بھی تھے۔ ان کی انتھک محنت سے قائم ہونے والے ادارے آج بھی لاکھوں افراد کی خدمت کر رہے ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

جمعیت علماء اسلام (س) کا ہنہ اوڑک کے عوام کے مطالبات اور احتجاج کی حمایت کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولتزئی نے کہا ہے کہ ہماری جماعت (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

ٹرمپ کی اردوان سے ملاقات، ترکیہ کو ایف-35 طیاروں کی فراہمی کا عندیہ

روس یوکرین جنگ بھی رکوا دوں گا، جلد معاہدے کی امید ہے: امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ

انقرہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ دنیا بھر میں آٹھ جنگیں رکوا چکے ہیں اور اب روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ کے خاتمے کے لیے بھی سرگرم ہیں، انہیں امید ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان جلد کسی معاہدے تک پہنچا جا سکے گا۔ ترکیہ کے دار الحکو (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

استحکام اور تحفظ کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس اہلکار اور سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان پوری قوم کے حقیقی ہیرو ہیں

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں، علی حسن زہری

ناسور کے مکمل خاتمے اور پاکستان کے روشن و محفوظ مستقبل کیلئے پوری قوم اپنی بہادر افواج اور سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی رہیگی

حب (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و سینئر صوبائی نائب صدر پی پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری نے ضلع زیارت کے علاقے ماگی فیز تھری میں دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر دلی رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے مذمتی و تعزیتی بیان میں میر علی حسن زہری نے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

ملک بھر میں شدید گرمی کی لہر، سبی میں محسوس ہونے والا درجہ حرارت 68.3 ڈگری تک پہنچ گیا

ہیٹ اسٹروک کا خطرہ بڑھ گیا، محکمہ موسمیات نے شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) ملک بھر میں جاری شدید گرمی کی لہر کے باعث مختلف شہروں میں محسوس ہونے والا درجہ حرارت خطرناک حد تک بڑھ گیا ہے، جبکہ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ بعض علاقوں میں ہیٹ انڈیکس انسانی صحت کے لیے انتہائی خطرناک سطح پر پہنچ چکا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق سبی ملک کا گرم ترین شہر رہا، جہاں موجودہ درجہ حرارت 42.5 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ محسوس ہونے والا درجہ حرارت 68.3 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، جس کے باعث ہیٹ اسٹروک کا انتہائی خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔ سکھر میں درجہ حرارت 41 ڈگری جبکہ محسوس ہونے والا درجہ حرارت 55.8 ڈگری تک پہنچ گیا۔ سرگودھا میں موجودہ درجہ حرارت 40 ڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

دہشت گرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، شمس کرد

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے سابق مرکزی سیکرٹری اطلاعات و ترجمان میر شمس کرد نے ہنہ اوڑک کے قبائل پر کالعدم دہشت گرد تنظیم کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ درجن کے قریب بے گناہ افراد کی شہادت متعدد کیا اغواء اور پرامن قبائل کو نشانہ بنانا ایک بزدلانہ اور انسانیت سوز عمل ہے

وطن کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ان عظیم سپوتوں کی لازوال قربانیاں ہمیشہ قوم کے دلوں میں زندہ رہیں گی

بزدل دہشتگرد عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے، ثمینہ ممتاز زہری

جاری جنگ میں ہمارے سیکیورٹی اداروں کے افسران اور جوان کی بے مثال جرات، پیشہ ورانہ مہارت، فرض شناسی اور جذبہ ایثار قابل تحسین ہے

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ضلع زیارت کے علاقے ماگی فیز تھری میں دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے رنج و غم اور غصے کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں ہمارے سیکیورٹی اداروں کے افسران اور جوان بے مثال جرات (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

آبادی میں اضافے پر قابو پانے کیلئے 16 رکنی نیشنل پاپولیشن کونسل قائم

وفاقی حکومت نے نیشنل پاپولیشن کونسل تشکیل دے دی، وزیر اعظم چیئرمین مقرر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے ملک میں بڑھتی ہوئی آبادی کے چیلنج سے نمٹنے اور مؤثر قومی پالیسی مرتب کرنے کے لیے 16 رکنی نیشنل پاپولیشن کونسل تشکیل دے دی (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

ملک میں پہلی مرتبہ وفاقی کابینہ نے متفقہ طور پر تین سالہ حج پالیسی کی منظوری دے دی

ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے وزارت مذہبی امور کی سمری پر طویل المدتی حج پالیسی کی منظوری دی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاقی کابینہ نے طویل المدتی حج پالیسی کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

ہنہ اوڑک واقعہ بدترین بدامنی اور امن کی تباہی کی واضح مثال ہے، پشتونخوا میپ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کوئٹہ کے ہنہ اوڑک کلی ہیری میں دہشت گردوں کے حملے کے نقیب اللہ، اشرف خان (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

پی ڈی ایم اے کا محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے پیش نظر موسمی الرٹ جاری

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) (بلوچستان) نے پاکستان محکمہ موسمیات (PMD) کی (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

قومی اسمبلی کی پیٹرولیم کمیٹی کی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری کمی کی سفارش

پیٹرولیم لیوی، ریفائنری اپ گریڈیشن اور قیمتوں کے تعین کے نظام پر تفصیلی بحث

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم نے ملک میں عوام کو ریلیف دینے کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری کمی کی سفارش کرتے ہوئے ایل پی جی کی قیمتوں میں کمی نہ ہونے پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ کمیٹی نے اوگرا حکام کو آئندہ اجلاس میں طلب کرتے ہوئے قیمتوں پر عمل درآمد سے متعلق تفصیلی بریفنگ دینے کی ہدایت کی ہے۔ چیئرمین مصطفیٰ محمود کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک، وزارت کے اعلیٰ حکام اور کمیٹی ارکان نے شرکت کی۔ اجلاس میں پیٹرولیم لیوی، ای ا(باقی صفحہ 2 نمبر 25)

ویبر میں طوفانی بارشوں اور ژالہ باری کی تباہ کاریاں کھڑی فصلیں اور سولر سسٹم تباہ، کروڑوں کا نقصان

خضدار (آن لائن) تحصیل وڈھ کے زرعی علاقے ویبر میں طوفانی بارشو (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

صحبت پور ضلع کے صحافیوں پر جھوٹے مقدمات اندراج کرانے کا ریکارڈ قائم

فرید آباد (آن لائن) بلوچستان صوبہ میں سب سے زیادہ صحبت پور ضلع کے صحافیوں پر جھوٹے مقدمات اندراج کرانے کا ریکارڈ قائم کر دیا ہے آج تک ایک مقدمہ بھی ثابت نہ ہوا (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

سینیٹر مولانا عبدالواسع کا زیارت میں نو افراد کی شہادت پر شدید ردعمل

سنگین ابتری اور شہریوں کے تحفظ میں ریاستی ناکامی کا انتہائی افسوسناک مظہر ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے زیارت میں 9 افراد کی شہادت پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ زیارت میں مزید 9 بے گناہ افراد کی لاشوں کی برآمدگی بلوچستان میں امن و امان کی سنگین ابتری اور شہریوں کے تحفظ میں ریاستی ناکامی کا انتہائی افسوسناک مظہر ہے۔ گزشتہ شب سے اہلیان زیارت مسلسل یہ اطلاع دیتے رہے کہ متعدد افراد کو اغوا کر کے نامعلوم مقام پر منتقل کیا گیا ہے، مگر بروقت، مؤثر اور فیصلہ کن اقدامات سامنے نہ آ سکے۔ آج انہی مغوی افراد کی لاشوں کی برآمدگی نے یہ ثابت کر دیا کہ عو (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

صدر آصف علی زرداری اور کرغزستان کے صدر صدر جباروف مصافحہ کر رہے ہیں

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں آٹے کے بحران نے شدت اختیار کر لی ہے، بدرالدین کاکڑ

آٹے کی قلت کے باعث قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوگیا ہے جس کی بڑی وجہ گندم کی ترسیل کی بحالی کا نہ ہونا ہے

50 کلو آٹے کا تھیلا 6 ہزار سے بڑھ کر 7 ہزار روپے تک جا پہنچا گندم کی محدود دستیابی کے باعث مارکیٹ میں آٹے کی فراہمی متاثر ہو رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) فلور ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین بدرالدین کاکڑ نے کہا ہے کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں آٹے کے بحران نے شدت اختیار کر لی ہے۔ آٹے کی قلت کے باعث قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوگیا ہے جس کی بڑی وجہ گندم کی ترسیل کی بحالی کا نہ ہونا ہے اگر ترسیل بحال نہ ہوئی تو صورتحال مزید سنگین ہو سکتی ہے۔ شہر میں 50 کلو آٹے کا تھیلا 6 ہزار سے بڑھ کر 7 ہزار روپے تک جا پہنچا گندم کی محدود دستیابی (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

وزیراعظم شہباز شریف سے گورنر بلوچستان کا ٹیلیفونک رابطہ

ہنہ اوڑک واقعہ پر فوری اقدامات اٹھانے کی ضرورت پر زور

وفاقی اور صوبائی حکام کے درمیان مزید روابط بڑھانے کو ترجیح دی جائیگی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کو گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبے میں امن و امان کی تازہ ترین صورتحال بالخصوص ہنہ اوڑک میں ہونے والے حالیہ دہشت گردانہ حملے متعلق آگاہ کیا۔ گورنر نے ہنہ اوڑک کے دہشتگردانہ واقعہ کی سنگینی اور حساسیت کو مدنظر رکھتے ہوئے فوری اور سخت اقدامات اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ دونوں (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

دہشتگردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، شاہد رند

ڈی ایس پی غلام سرور سمیت 8 پولیس اہلکار دشوار گزار پہاڑی راستوں سے بحفاظت تھانہ کچھ پہنچ گئے

ضلع زیارت میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف مشترکہ کلیئرنس آپریشن کامیابی سے مکمل کر لیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون میڈیا و خصوصی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ ضلع زیارت میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف مشترکہ کلیئرنس آپریشن کامیابی سے مکمل کر لیا فتنہ الخوارج کے دہشت گرد حملے میں بلوچستان پولیس کے 9 افسران و اہلکار شہید ہوئے شہداء میں ایس ایچ او تھانہ منگی، ایس ایچ او تھانہ کواس، اے ٹی ایف انچارج ہیڈ کانسٹیبل سیف اللہ سمیت دیگر اہلکار شامل ہیں ڈی ایس پی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

غیر ریاستی عناصر بلوچستان کا امن خراب نہیں کر سکتے

بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن، پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے علاقہ زیارت میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن بلوچستان پولیس کے افسران و جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان پولیس کے افسران اور جوانوں نے اپنی جانیں قربان کر کے 15 دہشت گردوں کو نشانِ عبرت بنایا۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ غیر ریاستی عناصر اپنے مذموم مقاصد کے لیے صوبے کا امن و امان خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن وہ اس میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ صوبائی حکومت اور ہمارے ادارے دہشت گردی کے خاتمے اور امن کے قیام کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہے ہیں۔ ان شاء اللہ جلد ہمارے ملک اور صوبے میں امن و سلامتی کا سورج طلوع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عوام، سیاسی جماعتیں اور سیکیورٹی ادارے ایک صف میں کھڑے ہو کر مشکلات کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ لہٰذا ان مخصوص حالات میں ہمیں تمام سیاسی اختلافات بالائے طاق رکھتے ہوئے دہشت گردی کے عفریت سے نمٹنے کے لیے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہوگا۔ میر محمد صادق عمرانی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا کرے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی۔

بقیہ 01

حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف جاری آپریشن کو ہر صورت منطقی انجام تک پہنچایا جائے، ریاست دشمن عناصر کو دوبارہ منظم ہونے کا کوئی موقع نہ دیا جائے اور تمام قانون نافذ کرنے والے ادارے باہمی ہم آہنگی کے ساتھ کارروائیاں مزید مؤثر، تیز اور فیصلہ کن انداز میں جاری رکھیں۔ زیارت روانگی کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان دہشت گردی کے خلاف جنگ کے ایک فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ حکومت اپنی آئینی اور قومی ذمہ داریوں سے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹے گی اور کسی بھی صورت عوام کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جہاں بھی کوئی بلوچستانی مشکل، مصیبت یا دہشت گردی کا شکار ہوگا، وہ خود وہاں پہنچیں گے کیونکہ عوام کے دکھ درد میں شریک ہونا صرف سیاسی نہیں بلکہ اخلاقی اور ریاستی ذمہ داری بھی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حالات یقیناً چیلنجنگ ہیں، لیکن حکومت کا عزم پہلے سے زیادہ مضبوط ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ زیارت صرف ایک سرکاری دورے پر نہیں بلکہ شہداء کے اہلِ خانہ کے غم میں شریک ہونے، زخمیوں کی دلجوئی کرنے اور اپنی پولیس، لیویز، فرنٹیئر کور اور دیگر سیکیورٹی فورسز کو یہ پیغام دینے آئے ہیں کہ حکومت ہر محاذ پر ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے دہشت گردی کو مسترد کر دیا ہے اور آج پوری قوم دہشت گردوں کے خلاف متحد ہے۔ انہوں نے زیارت میں جامِ شہادت نوش کرنے والے پولیس اہلکاروں کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان بہادر سپوتوں نے آخری سانس تک بے مثال جرأت، استقامت اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا۔ ان کی قربانیاں قوم کا سرمایہ ہیں اور ان کا خون ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے شہداء پیکیج کو مزید بہتر بنایا ہے اور شہداء کے بچوں کی تعلیم، کفالت، فلاح و بہبود اور روشن مستقبل کی مکمل ذمہ داری ریاست اٹھائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت شہداء کے خاندانوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی اور ان کے بچوں کو یہ احساس نہیں ہونے دیا جائے گا کہ وہ ریاست کی سرپرستی سے محروم ہیں۔ اپنی سیکیورٹی کے حوالے سے سوال کے جواب میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ جب ان کے جوان وسائل کی محدود دستیابی کے باوجود بلٹ پروف گاڑیوں کے بغیر دہشت گردوں کے سامنے سینہ سپر ہیں تو ان کا ضمیر انہیں بلٹ پروف گاڑی میں سفر کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ انہوں نے کہا کہ زندگی اور موت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور وہ اسی یقین کے ساتھ بغیر بلٹ پروف گاڑی کے آپریشنل علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں تاکہ اپنے جوانوں کو یہ پیغام دے سکیں کہ وہ ان کی قربانیوں، مشکلات اور جنگ میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیراعلیٰ نے سیاسی قیادت، سماجی طبقات اور عوام سے اپیل کی کہ دہشت گردی جیسے قومی مسئلے پر اختلافات سے بالاتر ہو کر ریاست، حکومت اور سیکیورٹی اداروں کا ساتھ دیں۔ انہوں نے کہا کہ لاشوں پر سیاست کرنے کے بجائے قومی اتحاد کا مظاہرہ وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے کیونکہ دہشت گردی کے خلاف یہ جنگ صرف حکومت یا سیکیورٹی فورسز کی نہیں بلکہ پوری قوم کی جنگ ہے۔ زیارت میں امن و امان سے متعلق منعقدہ بریفنگ میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ فتنہ الخوارج، فتنہ الہندوستان اور ان کے تمام سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز اور فیصلہ کن کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ زرغون، مانگی ڈیم اور دیگر حساس علاقوں میں جاری آپریشن کو مزید مؤثر بنایا جائے، ریاست کی رٹ ہر قیمت پر قائم رکھی جائے اور دہشت گردوں کو دوبارہ منظم ہونے کا کوئی موقع نہ دیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان حکومت، بلوچستان پولیس، لیویز، فرنٹیئر کور اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر دہشت گردی کے مکمل خاتمے، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک اپنی کارروائیاں پوری قوت اور تسلسل کے ساتھ جاری رکھے گی۔

بقیہ 02

۔صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو بھی ہمراہ تھے۔ گورنر مندوخیل فرداً فرداً ہر زخمی کے پاس گئے اور ان کی خیریت دریافت کی۔ انہوں نے زخمیوں کی بہتر دیکھ بھال پر اطمینان کا اظہار کیا اور وہاں موجود ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 03

اندر دوبارہ شروع کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ژمری۔ پلاسین روڈ منصوبے کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل سیکریٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان ایس ای موسیٰ خیل سرکل عبدالرازق مندوخیل ایگزیکٹو انجینئر روڈز ضلع موسیٰ خیل جاندادو ٹیکنیکل ایڈوائزر احسان اللہ خان دوتانی کنسلٹنٹس کنٹریکٹرز اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی اجلاس کو منصوبے پر اب تک ہونے والی پیش رفت تکنیکی مسائل فنڈز کی فراہمی تعمیراتی رکاوٹوں اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ کے بعد صوبائی وزیر نے منصوبے پر انتہائی سست رفتار پیش رفت پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے کے لیے حکومت کی جانب سے فنڈز پہلے ہی فراہم کیے جا چکے ہیں اس کے باوجود کام کا تعطل اور سست روی کسی صورت قابل قبول نہیں میر سلیم احمد کھوسہ نے متعلقہ کنٹریکٹر کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ آئندہ دس دن کے اندر تعمیراتی سرگرمیاں دوبارہ شروع کرے جبکہ متعلقہ ایگزیکٹو انجینئر کو منصوبے کی روزانہ کی بنیاد پر مؤثر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ دس روز بعد سیکریٹری مواصلات و تعمیرات کے دفتر میں پیش رفت سے متعلق تفصیلی رپورٹ جمع کرائی جائے انہوں نے کہا کہ ژمری۔ پلاسین روڈ نہ صرف ضلع موسیٰ خیل بلکہ بلوچستان اور دیگر صوبوں کے درمیان آمد و رفت تجارت اور علاقائی رابطوں کے فروغ کے لیے ایک اہم شاہراہ کی حیثیت رکھتی ہے اس لیے اس منصوبے میں مزید تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو اولین ترجیح دے رہی ہے ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر غفلت یا ناقص کارکردگی کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں پر کسی قسم کی سستی یا نااہلی برداشت نہیں کی جائے گی اور صوبے کو مزید پسماندگی کی طرف دھکیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 04

سیکیورٹی فورسز کی بہادری، پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر حکمت عملی کا ثبوت ہے بلوچستان پولیس کے بہادر جوانوں نے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کا جوانمردی سے مقابلہ کیا اور فرض کی ادائیگی میں لازوال قربانیوں کی مثال قائم کی بلوچستان پولیس کے شہداء کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے، ان کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی فتنہ الخوارج کے دہشت گرد سن لیں بلوچستان پاکستان کا مضبوط قلعہ ہے یہاں ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والوں کا انجام صرف شکست اور ہلاکت ہے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں کے لیے بلوچستان کی سرزمین تنگ کر دی جائے گی، دہشت گرد کہیں بھی چھپ نہیں سکیں گے ہر شہید کے خون کا حساب لیا جائے گا، دہشت گردوں کو قانون کی گرفت یا جہنم کے سوا کوئی راستہ نہیں ملے گا بلوچستان کے امن، ترقی اور استحکام کے خلاف ہر سازش کو طاقت، عزم اور قومی یکجہتی سے ناکام بنائیں گے فتنہ الخوارج کے دہشت گرد پاکستان اور بلوچستان کے عوام کے دشمن ہیں، ان کے ناپاک عزائم کو ہر قیمت پر خاک میں ملایا جائے گا بلوچستان میں امن کا قیام ہماری اولین ترجیح ہے، دہشت گردوں کے خلاف یہ جنگ منطقی انجام تک جاری رہے گی۔

بقیہ 05

آبی سلامتی اور اسٹریٹجک استحکام کے لیے خطرہ بن رہے ہیں۔ ان کے مطابق بھارت نے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنے اور پاکستان کے ساتھ ہائیڈرولوجیکل ڈیٹا کا تبادلہ روک کر عالمی قوانین کی صریح خلاف ورزی کی ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی سے بھارت کو شرمندگی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ معاہدے کے تحت پانی پاکستان کا ناقابل تنسیخ حق ہے اور بھارت کے یکطرفہ اقدامات کا نہ کوئی اخلاقی جواز ہے اور نہ ہی قانونی حیثیت۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے دوٹوک مؤقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہر قیمت پر سندھ طاس معاہدے کا دفاع کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی یکطرفہ کارروائیاں اور دباؤ کی حکمت عملی ناقابل قبول ہیں، جبکہ سندھ طاس معاہدہ پاکستان کی آبی، غذائی، توانائی اور قومی سلامتی سے براہ راست جڑا ہوا معاملہ ہے۔ سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان نے کہا کہ پاکستان اپنے جائز آبی حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے، جبکہ دریائے چناب کے بالائی بہاؤ میں بھارت کی ممکنہ مداخلت بین الاقوامی قوانین کی واضح خلاف ورزی ہوگی۔ پارلیمانی سیکریٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ آبی تحفظ پاکستان کی قومی سلامتی کا اہم ستون ہے اور مشترکہ دریاؤں کے معاملے پر یکطرفہ اقدامات کے بجائے سندھ طاس معاہدے پر مکمل عملدرآمد ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارت مشترکہ آبی وسائل پر شفاف حکمرانی کے اصولوں سے انحراف کر رہا ہے۔ رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر شرمیلا فاروقی نے کہا کہ بھارت کو بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری کرنی چاہیے کیونکہ دھونس اور یکطرفہ اقدامات قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کا احترام ہی خطے کے امن اور استحکام کی ضمانت ہے۔ سابق وفاقی وزیر میر ضیاء اللہ لانگو بلوچ نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ ایک فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکا ہے اور پاکستان کے مؤقف کو عالمی سطح پر مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ سینیٹر پلوشہ خان نے کہا کہ پاکستان اپنے آبی حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا اور بھارت کو پانی کو سیاسی ہتھیار بنانے سے باز رہنا چاہیے۔ ان کے مطابق پاکستان ہر عالمی فورم پر اپنے جائز آبی حقوق کے تحفظ کے لیے آواز بلند کرتا رہے گا۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ بی جے پی حکومت سندھ طاس معاہدے اور پانی کی تقسیم سے متعلق عالمی قوانین کو نظرانداز نہیں کر سکتی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو یہ غلط فہمی دور کر لینی چاہیے کہ پاکستان اپنے آبی حقوق پر کوئی سمجھوتہ کرے گا، جبکہ پاکستان کی زراعت اور معیشت کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش ناکام بنائی جائے گی۔ وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ پانی کو ہتھیار بنانا کروڑوں انسانوں اور خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے۔ انہوں نے بھارت پر زور دیا کہ وہ معاہدے کی خلاف ورزی اور آبی معلومات کی فراہمی روکنے جیسے اقدامات سے باز رہے کیونکہ سندھ طاس معاہدہ پاکستان کی غذائی، توانائی اور معاشی سلامتی کی بنیاد ہے۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے کہا کہ پانی کو سیاسی ہتھیار نہیں بنایا جا سکتا اور عالمی معاہدوں کو یکطرفہ طور پر معطل کرنا بین الاقوامی نظام کو کمزور کرتا ہے۔ ان کے مطابق سندھ طاس معاہدہ پاکستان کے آبی تحفظ کی ضمانت ہے۔ رہنما ناز بلوچ نے بھی کہا کہ پاکستان اپنے جائز آبی حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے اور مشترکہ دریاؤں سے متعلق عالمی وعدوں، شفافیت اور سندھ طاس معاہدے کی مکمل پاسداری ناگزیر ہے۔ پاکستان کی سیاسی اور حکومتی قیادت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک اپنے آبی مفادات اور سندھ طاس معاہدے کے تحفظ کے لیے قانونی، سفارتی اور بین الاقوامی سطح پر تمام دستیاب ذرائع بروئے کار لائے گا۔

بقیہ 06

جائے وقوعہ سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر جنگی سامان بھی برآمد کر لیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جا سکے۔ مزید تفصیلات سامنے آنے پر جاری کی جائیں گی۔

بقیہ 07

پی ایس کچ، محمد زمان پی ایس کچ، حضرت اللہ پی ایس کچ، خیر اللہ پی ایس کچ، مقبول احمد پی ایس کچ، حبیب اللہ پی ایس کواس، محمد احمد پی ایس کواس، صابر احمد پی ایس کواس، مفتاح اللہ پی ایس کواس، محمد فراش پی ایس کواس، محمد اسلام پی ایس کواس، محمد عیشان پی ایس کواس، محمد اکبر پی ایس مانگی، احتشام احمد پی ایس مانگی، زین محمد پی ایس مانگی، واپس پہنچنے والے خلیل اللہ پی ایس کچ، محمد صادق پی ایس کچ، اسلام الدین پی ایس کچ، مفتاح اللہ پی ایس کچ، ولی خان پی ایس کچ، محمد محی الدین پی ایس کچ، احتشام اللہ پی ایس کواس، سراج الدین پی ایس مانگی، ابرار احمد پی ایس کچ، سبحان خان پی ایس کچ، غلام سرور سرور زیارت۔ شہداء جہاں میر خان پی ایس کچ، محمد اشرف پی ایس کچ، آزاد خان پی ایس مانگی، محمد صادق پی ایس مانگی، منصور احمد پی ایس زیارت، شیر محمد پی ایس کواس، سیف اللہ اے ٹی ایف ونگ، صحبت خان پی ایس کواس، حسین خان پی ایس مانگی شامل ہیں۔

بقیہ 08

پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے درمیان موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ زراعت، مونگ پھلی کی ویلیو چین کو مضبوط بنانے اور دیہی معیشت کی بہتری کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر نادر گل بریچ، وائس چانسلر بارانی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان، رجسٹرار، ڈینز، ڈائریکٹرز، فیکلٹی ممبران اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا سب سے قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ہی ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حالیہ دورہ چین کے دوران ممتاز چینی زرعی جامعات کے ساتھ تعلیمی تعاون، مشترکہ تحقیق اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے منصوبوں پر تفصیلی بات چیت ہوئی، جس کے نتیجے میں بارانی زرعی یونیورسٹی اور چینی جامعات کے درمیان تحقیق، اختراع، طلبہ و اساتذہ کے تبادلوں اور زرعی ٹیکنالوجی کے فروغ میں تعاون کی نئی راہیں کھلیں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت زرعی شعبے کی جدید خطوط پر ترقی اور نوجوانوں کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، جبکہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع بھی پیدا کیے جا رہے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر نادر گل بریچ نے کہا کہ یہ شراکت داری پاکستان میں زرعی اور دیہی ترقی کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔ ان کے مطابق منصوبے کے تحت موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ مونگ پھلی کے بہتر بیجوں کی تیاری، جدید زرعی پیداواری نظام، ویلیو ایڈیشن، دیہی کاروباری سرگرمیوں کا فروغ، ڈیجیٹل زرعی مشاورتی خدمات اور کسانوں کی منڈیوں تک رسائی بہتر بنانے پر کام کیا جائے گا۔ بارانی زرعی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے کہا کہ تحقیقی بنیادوں پر قائم یہ اشتراک پاکستان کے زرعی شعبے، کسانوں کی خوشحالی اور قومی معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی جدید لیبارٹریز، اعلیٰ تحقیقی سہولیات اور قابل اساتذہ کی بدولت قومی سطح کے ترقیاتی منصوبوں کو مؤثر انداز میں مکمل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر بارانی زرعی یونیورسٹی اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر باضابطہ دستخط کیے گئے۔ شرکاء نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ شراکت داری زرعی تحقیق، دیہی ترقی اور قومی غذائی تحفظ کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 09

قوم اپنی بہادر پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے دہشت گردوں کے خلاف بروقت اور کامیاب کلیئرنس آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے حملے میں 2 ایس ایچ اوز سمیت 9 پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا، جبکہ شہداء کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ شہید اہلکاروں نے پاکستان دشمن عناصر اور معصوم شہریوں کے درمیان آہنی دیوار بن کر اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے خون کا ہر قطرہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کے قومی عزم کو مزید مضبوط بناتا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردی کسی ایک ادارے کا نہیں بلکہ پوری قوم کا مشترکہ چیلنج ہے، جس کا مقابلہ قومی اتحاد اور مشترکہ عزم سے ہی ممکن ہے۔

بقیہ 10

وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ نئی حج پالیسی پہلی مرتبہ چار سالہ منصوبہ بندی پر مشتمل ہے، جس سے طویل مدتی پلاننگ، انتظامی امور میں بہتری اور حجاج کرام کو بہتر سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی۔ کابینہ کو بتایا گیا کہ نئی پالیسی کے تحت حج کے خواہشمند افراد 2030 تک کسی بھی سال کے لیے ایک مرتبہ رجسٹریشن کرا سکیں گے، جس کی بنیاد پر ترجیحی ویٹنگ لسٹ تیار کی جائے گی۔ اس کے علاوہ شرعی اصولوں کے مطابق "حج سیونگ اسکیم" بھی متعارف کرائی جائے گی تاکہ شہری مستقبل میں حج کے اخراجات کے لیے باقاعدہ بچت کر سکیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ حج کے پورے نظام کو ڈیجیٹل بنایا جا رہا ہے، جس کے تحت ادائیگیوں، شکایات کے اندراج، نگرانی اور دیگر تمام انتظامی امور کو جدید ڈیجیٹل نظام سے منسلک کیا جائے گا۔ نئی پالیسی میں سرکاری اور نجی حج اسکیموں کے کوٹے، لانگ اور شارٹ حج پروگرام، حجاج کی لازمی تربیت، تکافل اور ہنگامی رسپانس کے اقدامات بھی شامل کیے گئے ہیں۔ وفاقی کابینہ نے ہدایت کی کہ معاونین حج کی تقرری مکمل شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر کی جائے، جبکہ سرکاری اور نجی حج انتظامات کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن بھی یقینی بنائی جائے۔ کابینہ نے اسلام آباد میں قائم آئسولیشن ہسپتال اینڈ انفیکشس ٹریٹمنٹ سینٹر (IHITC) اور ریجنل بلڈ سینٹر کی خدمات آؤٹ سورس کرنے کی پالیسی کی بھی منظوری دی، جس کے تحت وزارت قومی صحت متعلقہ قواعد و ضوابط کے مطابق اس عمل کو مکمل کرے گی تاکہ شہریوں کو معیاری طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ اجلاس میں وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے پاکستان ریلوے کی کارکردگی پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مالی سال 2025-26 کے دوران ریلوے کی آمدن 115 ارب روپے سے تجاوز کر گئی، جو گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں 24.19 فیصد زیادہ ہے۔ بریفنگ کے مطابق فریٹ آمدن میں 8 ارب روپے سے زائد، دیگر ذرائع سے آمدن میں 7 ارب روپے سے زائد، پراپرٹی اور لینڈ آمدن میں 6 ارب روپے سے زائد جبکہ مسافر آمدن میں بھی 3.37 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ کابینہ نے ریلوے کی بہتر کارکردگی پر وزیر ریلوے اور ان کی ٹیم کو سراہا۔ اجلاس کے اختتام پر وفاقی کابینہ نے کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی کے 19 مئی 2026 اور اقتصادی رابطہ کمیٹی کے 2 جولائی 2026 کے اجلاسوں میں کیے گئے فیصلوں کی بھی توثیق کر دی۔

بقیہ 11

انہوں نے کہا کہ فرض کی ادائیگی کے دوران پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا پوری قوم پر حملے کے مترادف ہے۔ ایسے بزدل عناصر نہ صرف قانون بلکہ انسانیت کے بھی دشمن ہیں، جنہیں کسی صورت معاف نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی اور ریاستی ادارے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ شہداء کا مقدس خون ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا، امن دشمنوں سے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی غیور عوام اپنی بہادر پولیس، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑی ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک یہ قومی جدوجہد پوری قوت کے ساتھ جاری رہے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے حکومت ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور امن و امان کے قیام کے لیے تمام متعلقہ ادارے بھرپور انداز میں اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دشمن کے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ آخر میں حاجی علی مدد جتک نے حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی، لواحقین کے لیے صبر جمیل اور زخمی اہلکاروں کی جلد و مکمل صحت یابی کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے اور ان کی لازوال خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 12

کہا ہے کہ دوپہر ایک بجے کچلاک کے مقام پر کوئٹہ کے داخلی راستے بند کریں گے زیارت کراس کے مقام پر قومی شاہراہ کو بلاک کر کے پشین، چمن سمیت تمام شہروں کے داخلی راستے بند کئے جائیں گے۔ بلوچ بیلٹ میں بھی قبائلی لوگوں سے رابطے کر رہے ہیں تاکہ وہاں بھی شاہراہیں بند کی جائیں تاکہ صوبے میں امن کے قیام کو یقینی بنانے کے لئے ہمارے مطالبات پورے کئے جا سکیں۔

بقیہ 13

اور ان کے بلند وژن کی زندہ مثال ہیں۔ بدھ کو منائی جانے والی عبدالستار ایدھی کی دسویں برسی پر پیغام میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ آج پوری قوم ایک ایسی شخصیت کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہے جن کی زندگی خدمت اور ہمدردی کا بے مثال نمونہ تھی۔ ایدھی صاحب نے اپنی زندگی کا ہر لمحہ غریبوں، بے سہارا، لاوارث اور معاشرے کے نظرانداز کیے گئے افراد کے دکھ درد کم کرنے کے لیے وقف کر دیا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ انسانیت کی خدمت کے لیے ان کی بے مثال وابستگی ذات، نسل، مذہب اور عقیدے کی تمام حدوں سے بالاتر تھی۔ انہوں نے ثابت کیا کہ حقیقی عظمت بے غرض خدمتِ خلق میں مضمر ہے۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ذریعے انہوں نے سماجی بہبود کا ایک وسیع اور مضبوط نظام قائم کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ انہوں نے دنیا کا سب سے بڑا رضاکارانہ ایمبولینس نیٹ ورک تشکیل دیا، جو ہر مشکل گھڑی میں ضرورت مندوں کے لیے سہارا ثابت ہوا۔ ان کی قائم کردہ پناہ گاہیں، یتیم خانے اور مفت لنگر خانے بے گھر، نادار اور کمزور افراد کے لیے امید کی کرن بنے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ انہوں نے ثابت کیا کہ ایک فرد کا پختہ عزم، عوامی خدمت کا ایک مکمل نظام قائم کر سکتا ہے۔ عبدالستار ایدھی نہ صرف انسان دوست تھے بلکہ قومی وقار اور فخر کی ایک دائمی علامت بھی تھے۔ ان کی انتھک محنت سے قائم ہونے والے ادارے آج بھی لاکھوں افراد کی خدمت کر رہے ہیں اور ان کے بلند وژن کی زندہ مثال ہیں۔ صدر نے کہا کہ ان کی میراث ہمیں ہمدردی، ایثار اور انسان کے وقار کے تحفظ جیسی اعلیٰ اقدار کو فروغ دینے کی مسلسل ترغیب دیتی رہے گی۔ آج پاکستان کے عوام اس عہد کی تجدید کرتے ہیں کہ ایدھی صاحب کے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے انسانیت کے رشتوں کو مضبوط کریں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ان کی شفقت، محبت اور خدمت کا روشن چراغ ہمیشہ جلتا رہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ ترین مقام عطا فرمائے۔

بقیہ 14

مت انقرہ میں نیٹو سربراہی اجلاس کے موقع پر ترک صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات کے بعد گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کو کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ترکیہ کے ساتھ تجارت، دفاعی تعاون اور ایران کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی مذاکرات ہوں گے۔ امریکی صدر نے ترکیہ کو ایف-35 لڑاکا طیاروں کی فراہمی کا عندیہ دیتے ہوئے کہا کہ ترکیہ امریکا کا ایک مضبوط اور قابل اعتماد اتحادی ہے، اس لیے انہیں اس حوالے سے کوئی تشویش نہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ترکیہ کی جانب سے روسی دفاعی نظام کی خریداری پر بھی انہیں کوئی اعتراض نہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے ترکیہ کی عسکری صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ دنیا ترکیہ کی طاقت سے پوری طرح واقف نہیں، جبکہ اس کے پاس بہترین فوج موجود ہے۔ انہوں نے صدر رجب طیب اردوان کو ایک عظیم رہنما قرار دیتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا ان کا احترام کرتی ہے اور امریکا و ترکیہ کے تعلقات مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں۔ نیٹو کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ وہ اتحاد کی کارکردگی سے مایوس ہیں اور اگر اجلاس ترکیہ میں منعقد نہ ہو رہا ہوتا تو شاید وہ اس میں شرکت نہ کرتے۔ ادھر ترک صدر رجب طیب اردوان نے کہا کہ ترکیہ پانچ ایف-35 لڑاکا طیارے خریدنے کا ارادہ رکھتا ہے، جبکہ دونوں رہنماؤں کے درمیان دفاعی تعاون سمیت اہم علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 15

ہنہ اوڑک کے عوام کے جائز مطالبات اور ان کے احتجاج کی حمایت کا اعلان کرتی ہے کیونکہ احتجاج کرنے والوں کے تحفظات حقیقت پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے صوبہ میں امن کی بحالی کیلئے مؤثر اقدامات کو یقینی بنائیں تاکہ لوگوں کے جان و مال محفوظ ہو سکیں۔ آئے روز کے دلخراش واقعات نے لوگوں کو تشویش اور خوف میں مبتلا کر رکھا ہے سیکورٹی فورسز کی بڑی تعداد میں آپریشن کیلئے روانگی سے شہداء کے غم میں کمی کے اثرات پیدا ہوئے ہیں۔ سیکورٹی فورسز اور حکومت مخلصانہ طریقے سے مسائل کے حل کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کو بارآور ثابت کریں تو امن کا قیام ممکن ہو سکتا ہے۔ امن کی بحالی پاک فوج سمیت تمام سیکورٹی اداروں کی ذمہ داری ہے سب کو ملکر امن کے قیام کو ممکن بنانا چاہئے تاکہ لوگ سکھ کا سانس لے سکیں۔

بقیہ 16

کہا کہ وطنِ عزیز کے امن، استحکام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس اہلکار اور سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان پوری قوم کے حقیقی ہیرو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا اور پوری قوم ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج، پولیس، فرنٹیئر کور اور دیگر سیکیورٹی فورسز دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر کھڑی ہیں۔ وطن کی سلامتی، خودمختاری اور امن کے تحفظ کے لیے ان کی بے مثال جرأت، پیشہ ورانہ صلاحیت، فرض شناسی اور لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر اور سرمایہ افتخار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سیکیورٹی اداروں کے جوان ہر روز اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر دہشت گرد عناصر کے خلاف نبرد آزما ہیں اور اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ دے کر ملک دشمن قوتوں کے مذموم منصوبوں کو ناکام بنا رہے ہیں۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ دہشت گردی انسانیت، امن اور قومی وحدت کی دشمن ہے اور ایسی بزدلانہ کارروائیاں قوم کے حوصلے ہرگز پست نہیں کر سکتیں۔ دہشت گرد عناصر اپنے مکروہ عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے کیونکہ پوری قوم اپنی بہادر مسلح افواج اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے ساتھ متحد ہو کر کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی دہشت گردی کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور اس سلسلے میں اپنا ایک واضح موقف رکھتی ہے اور ملک میں دیرپا امن کے قیام کے لیے پاک افواج اور تمام ملکی سیکیورٹی فورسز کی خدمات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے، امن و استحکام کے فروغ اور پاکستان کے روشن و محفوظ مستقبل کے لیے پوری قوم اپنی بہادر افواج اور سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی۔ میر علی حسن زہری نے شہدائے درجات کی بلندی، لواحقین کے لیے صبر جمیل اور زخمی اہلکاروں کی جلد و مکمل صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کی لازوال قربانیاں ہمیشہ قوم کے دلوں میں زندہ رہیں گی اور ان کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔

بقیہ 17

گری اور محسوس ہونے والا 51.3 ڈگری، جبکہ لاہور میں درجہ حرارت 38 ڈگری ہونے کے باوجود محسوس ہونے والا درجہ حرارت 51 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح بہاولپور میں موجودہ درجہ حرارت 40.5 ڈگری اور محسوس ہونے والا 49 ڈگری، حیدرآباد میں 38.5 ڈگری کے مقابلے میں محسوس ہونے والا درجہ حرارت 48.9 ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ فیصل آباد اور ملتان میں درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ دونوں شہروں میں محسوس ہونے والا درجہ حرارت 48.3 ڈگری رہا۔ کراچی میں موجودہ درجہ حرارت 35 ڈگری ہونے کے باوجود نمی کے باعث محسوس ہونے والا درجہ حرارت 47.6 ڈگری تک پہنچ گیا۔ ڈی آئی خان میں موجودہ درجہ حرارت 38.5 ڈگری جبکہ محسوس ہونے والا 47.2 ڈگری، بھکر میں 39 ڈگری کے مقابلے میں 46.3 ڈگری، سیالکوٹ میں 37 ڈگری کے مقابلے میں 45.3 ڈگری، اسلام آباد میں 37.5 ڈگری کے مقابلے میں 44.1 ڈگری اور پشاور میں 37 ڈگری کے مقابلے میں محسوس ہونے والا درجہ حرارت 41.2 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 54 یا اس سے زیادہ ہیٹ انڈیکس انسانی صحت کے لیے انتہائی خطرناک تصور کیا جاتا ہے اور ایسی صورتحال میں ہیٹ اسٹروک کا شدید خدشہ ہوتا ہے۔ محکمہ نے خبردار کیا ہے کہ 41 سے 54 کے درمیان ہیٹ انڈیکس کی صورت میں ہیٹ کریمپس اور ہیٹ ایگزاسٹشن کا خطرہ بڑھ جاتا ہے، جبکہ مسلسل دھوپ میں رہنے سے ہیٹ اسٹروک کا امکان نمایاں طور پر بڑھ جاتا ہے۔ محکمہ موسمیات نے شہریوں، خصوصاً بچوں، بزرگوں اور بیرونی ماحول میں کام کرنے والے افراد کو ہدایت کی ہے کہ غیر ضروری طور پر دھوپ میں نکلنے سے گریز کریں، پانی کا زیادہ استعمال کریں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں تاکہ شدید گرمی کے مضر اثرات سے محفوظ رہا جا سکے۔

بقیہ 18

غلام سرور سمیت 8 پولیس اہلکار دشوار گزار پہاڑی راستوں سے بحفاظت تھانہ کچ پہنچ گئے کانسٹیبل رضوان کو بحفاظت بازیاب کر لیا گیا شہداء کی میتیں قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال زیارت منتقل کی گئی ہے بلوچستان حکومت شہداء کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، دہشت گردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 19

دانش سکول اور دیگر تعلیمی اور فنی اداروں کے عوام کی مجموعی زندگی پر بہت تعمیری اثرات مرتب ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ژوب ڈویژن کے مختلف وفود سے علیحدہ علیحدہ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا حقیقی سیاست قیادت کی عظمت اسی میں ہے کہ وہ موجودہ عوام کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ آنے والی نسلوں کو بھی تحفظ فراہم کریں۔ یہ بات ہم سب کیلئے باعث فخر اور اطمینان ہے کہ بیوٹمز یونیورسٹی ژوب کیمپس کوالٹی ایجوکیشن کے فروغ، نوجوانوں کی علمی و پیشہ ورانہ تربیت اور انسانی وسائل کی ترقی کا ایک نمایاں مرکز بن کر ابھرا ہے۔ ڈسٹرکٹ ژوب، شیرانی، اورالائی، قلعہ سیف اللہ اور دیگر متصل علاقوں کے طلبہ و طالبات کو معیاری اور قابل رسائی تعلیم فراہم کرتے ہوئے اس ادارے نے بہت مختصر عرصے میں ایسی کامیابیاں حاصل کی ہیں جو نہ صرف ادارے بلکہ پورے ژوب ڈویژن کیلئے باعث فخر ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ محدود وسائل اور جغرافیائی دوری کے باوجود ژوب شہر کے تمام چھوٹے بڑے تعلیمی اداروں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی کہ بلوچستان پبلک سروس کمیشن (BPSC) اور دیگر مقابلے کے امتحانات میں ایک درجن سے زائد امیدوار نے تحریری امتحان پاس کرنے میں کامیاب ہوئے جس پر ان نمایاں کامیابیوں کے پیچھے بیوٹمز یونیورسٹی ژوب کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام لودھی اور ان کی پوری ٹیم کی محنت اور لگن خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ ڈائریکٹر ڈاکٹر عبدالسلام نے گورنر بلوچستان نے گورنر جعفر خان مندوخیل کی مسلسل سرپرستی اور تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی ذاتی کوششوں اور تعلیم دوستی کے نتیجے میں بھاری تعلیمی فیسوں میں کمی اور متعدد مستحق یونیورسٹی اسٹوڈنٹس کی تعلیمی کفالت کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہو چکے ہیں۔

بقیہ 20

رہنماؤں نے اتفاق کیا کہ متاثرہ علاقے میں لوگوں کے جان و مال کے تحفظ اور ہونے والے نقصانات کی تلافی کیلئے فیصلہ کن کارروائی اور اقدامات ضروری ہے۔ سیکیورٹی اور استحکام کو تیزی سے بہتر بنانے کیلئے متعلقہ وفاقی اور صوبائی حکام کے درمیان مزید روابط بڑھانے کو ترجیح دی جائے گی۔

بقیہ 21

۔کہا ہے عدالت نے جھوٹے مقدمات سے باعزت بری ہوئے ہیں حالیہ دنوں میں صحبت پور کے ڈی ایچ او کی مدعیت پر سینئر صحافی حوران خان جکھرانی عبدالغفار سومرو پر جھوٹے مقدمات اندراج کیا گیا ہے ہم اس جھوٹے مقدمات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ اس جھوٹے مقدمہ کی صاف شفاف انکوائری کی جائے ان خیالات کا اظہار صحافی اتحاد صحبت پور کے سینئر صحافی عطا محمد کھوسہ علی دوست مگسی صفدر علی کھوسہ محمد فاروق بھنگر نے مشترکہ بیان میں کہا کہ صحبت پور ضلع میں سچ لکھنا ایک جرم بن گیا ہے اگر صحافی برادری یا سوشل ورکرز نے جب بھی مختلف محکموں کے افسران کی کرپشن ظاہر کیا تو انکے خلاف جھوٹے مقدمات بنا کر آواز کو دبانے کی کوشش کی گئی ہے سچ کا آئینہ دکھایا تو ان کے خلاف جھوٹے مقدمات کے ساتھ ساتھ دھونس دھمکیاں بھی دی جاتی ہیں ضلع صحبت پور میں اب یہ رواج چل پڑا ہے پتہ نہیں یہ رواج کب تک قائم رہ سکتا ہے

بقیہ 22

۔صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو بھی ہمراہ تھے۔ گورنر مندوخیل فرداً فرداً ہر زخمی کے پاس گئے اور ان کی خیریت دریافت کی۔ انہوں نے زخمیوں کی بہتر دیکھ بھال پر اطمینان کا اظہار کیا اور وہاں موجود ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 23

ام کے خدشات کو مطلوبہ سنجیدگی سے نہیں لیا گیا، جس کے نتائج انتہائی المناک صورت میں سامنے آئے۔ مزید تشویشناک امر یہ ہے کہ اطلاعات کے مطابق ابھی بھی متعدد افراد یرغمال ہیں اور ہر گزرتا لمحہ ان کی جانوں کے لیے خطرات میں اضافہ کر رہا ہے۔ ایسی صورتحال میں کسی قسم کی تاخیر، غیر مؤثر حکمت عملی یا محض رسمی بیانات ناقابل قبول ہیں۔ حکومت اور متعلقہ اداروں پر لازم ہے کہ وہ فوری، مؤثر اور فیصلہ کن کارروائی کے ذریعے یرغمال افراد کی بحفاظت بازیابی کو یقینی بنائیں۔ یہ سانحہ صرف زیارت کا نہیں بلکہ پورے بلوچستان میں امن و امان کی مسلسل گرتی ہوئی صورتحال کی عکاسی کرتا ہے، جہاں آئے روز بے گناہ شہری تشدد کا نشانہ بن رہے ہیں۔ ایسے حالات میں عوام یہ سوال پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ ریاست اپنے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کی آئینی ذمہ داری مؤثر انداز میں کب ادا کرے گی؟ کل ہنہ اوڑک کی لاشوں کی تدفین نہیں ہوئی کہ آج زیارت میں لاشیں، اغوا اور مسلسل خونریزی۔ بلوچستان کے عوام سے جینے کا بنیادی حق بھی چھین لیا گیا ہے حکومت کی ذمہ داری جنازوں میں شرکت نہیں ہے بلکہ انکو سیکورٹی فراہم کرنا ہے لیکن ان سب کے باوجود لواحقین کا غم و غصہ سارے بلوچستان کے جذبات کی عکاسی کرتا ہے یہ صوبہ مزید کوئی نئی جنگ برداشت نہیں کر پائے گی اگر شہریوں کے تحفظ کو فوری ترجیح نہ دی گئی اور یرغمال افراد کی بازیابی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو مزید کسی بھی انسانی سانحے کی سیاسی، انتظامی اور آئینی ذمہ داری حکومت اور متعلقہ اداروں پر عائد ہوگی۔ بلوچستان کے عوام اب یقین دہانیوں، بیانات اور رسمی مذمتی اعلانات نہیں، بلکہ مؤثر عملی اور نتیجہ خیز اقدامات کے منتظر ہیں۔ انسانی جانوں کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، اور اس ذمہ داری میں مزید کوتاہی ناقابل قبول ہے۔

بقیہ 24

کے باعث مارکیٹ میں آٹے کی فراہمی بھی متاثر ہو رہی ہے صورتحال یہی رہی تو بحران شدت اختیار کر سکتا ہے صوبہ پنجاب ملک بھر میں گندم کی ترسیل کو یقینی بنائے تو گندم بحران پر قابو پایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 25

یس آر فنڈز کے استعمال، ایل پی جی کی قیمتوں، ریفائنری اپ گریڈیشن پالیسی اور پیٹرولیم سیکٹر میں اصلاحات سمیت اہم معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران کمیٹی ارکان نے پیٹرولیم لیوی میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لیوی کی شرح بڑھ کر 118 روپے فی لیٹر تک پہنچ چکی ہے۔ اس پر وفاقی وزیر پیٹرولیم نے وضاحت کی کہ اس وقت پٹرول پر تقریباً 80 روپے جبکہ ڈیزل پر 70 روپے فی لیٹر لیوی وصول کی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر لیوی ختم کر دی جائے تو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی آ سکتی ہے، تاہم اس کے لیے حکومتی آمدن کا متبادل ذریعہ تلاش کرنا ہوگا۔ کمیٹی کے رکن نوید قمر نے سی ایس آر فنڈز کنسلٹنسی پر خرچ کرنے کو "مجرمانہ عمل" قرار دیتے ہوئے کہا کہ مختص فنڈز صرف اسی مقصد کے لیے استعمال ہونے چاہئیں جس کے لیے انہیں جاری کیا گیا ہو۔ وفاقی وزیر نے کمیٹی کو بتایا کہ پاکستان اپنی پٹرول کی تقریباً 70 فیصد ضرورت درآمدات سے پوری کرتا ہے، جبکہ عالمی منڈی میں خام تیل سستا ہونے کے باوجود ریفائن شدہ مصنوعات کی قیمتیں بلند رہنے کے باعث مقامی قیمتوں پر فوری اثر نہیں پڑتا۔ انہوں نے کہا کہ اوگرا بین الاقوامی پلیٹس بینچ مارک کے تحت شفاف طریقہ کار کے مطابق قیمتوں کا تعین کرتی ہے۔ علی پرویز ملک نے بتایا کہ حکومت نے عالمی بحران کے دوران بڑھتے ہوئے انشورنس اور فریٹ اخراجات کے باوجود ملک میں ایندھن کی قلت پیدا نہیں ہونے دی، جبکہ پیٹرولیم لیوی سے حاصل ہونے والی رقم وفاقی خزانے میں جمع ہوتی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ریفائنری اپ گریڈیشن پالیسی منظوری کے لیے وفاقی کابینہ کو بھجوا دی گئی ہے اور امید ہے کہ جلد اس کی منظوری کے بعد عمل درآمد شروع ہو جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت ریفائنریوں کی نااہلی کا مالی بوجھ صارفین پر منتقل نہیں ہونے دے گی اور وزیراعظم کی ہدایت پر عوام پر اضافی بوجھ ختم کیا جائے گا۔ وزیر پیٹرولیم نے کہا کہ حکومت ملک کو یورو فائیو معیار کے ایندھن کی جانب منتقل کرنے اور پیٹرولیم سیکٹر میں ڈی ریگولیشن پر کام کر رہی ہے، جس سے نجی شعبے میں مسابقت بڑھے گی اور مستقبل میں ایندھن کی قیمتوں میں کمی کی توقع ہے۔ اجلاس میں ایل پی جی کی قیمتوں پر بھی سخت بحث ہوئی۔ کمیٹی ارکان نے اوگرا کو مقررہ نرخوں پر عمل درآمد کرانے میں ناکامی پر تنقید کا نشانہ بنایا۔ وزیر پیٹرولیم نے بتایا کہ ملک کی صرف 30 سے 40 فیصد ایل پی جی ضرورت مقامی پیداوار سے پوری ہوتی ہے جبکہ باقی درآمد کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتی حکم امتناع کے باعث ایل پی جی کی نیلامی رکی ہوئی ہے اور حکومت نے اس معاملے پر عدالت سے رجوع کر رکھا ہے۔ اجلاس کے اختتام پر کمیٹی نے اوگرا سے قیمتوں کے نفاذ سے متعلق مکمل بریفنگ طلب کرنے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید شفافیت لانے اور عوام کے لیے بین الاقوامی پلیٹس قیمتوں کی اشاعت کی تجویز پر بھی غور کیا، جبکہ وزارت سے مختلف معاملات پر مزید بریفنگ طلب کر لی گئیں۔

بقیہ 26

، پیشہ ورانہ مہارت، فرض شناسی اور جذبہ ایثار کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہر روز اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا رہے ہیں۔ ان کی قربانیاں پاکستان کے روشن، محفوظ اور پرامن مستقبل کی ضمانت ہیں، جن پر پوری قوم کو بجا طور پر فخر ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ دہشت گردی انسانیت، امن، ترقی اور قومی یکجہتی کی دشمن ہے۔ ایسے بزدلانہ حملے نہ تو ریاست کے عزم کو متزلزل کر سکتے ہیں اور نہ ہی قوم کے حوصلوں کو کمزور کر سکتے ہیں۔ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے کیونکہ پوری پاکستانی قوم اپنی بہادر مسلح افواج، پولیس، فرنٹیئر کور اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند متحد ہو کر کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطنِ عزیز کے امن، استحکام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس اہلکار، پاک افواج، فرنٹیئر کور اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے بہادر جوان پوری قوم کا فخر اور قومی سلامتی کے حقیقی محافظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مادرِ وطن کے دفاع اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پیش کی جانے والی یہ عظیم قربانیاں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی اور پوری قوم اپنے ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے یاد رکھے گی۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں ضرور کامیاب ہوگا اور دہشت گردی جیسے ناسور کے مکمل خاتمے، امن و امان کے فروغ، قومی یکجہتی کے استحکام اور پاکستان کے محفوظ و خوشحال مستقبل کے لیے پوری قوم اپنی بہادر افواج اور تمام سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی اور ملک دشمن قوتوں کے ہر ناپاک منصوبے کو اجتماعی اتحاد، قومی عزم اور یکجہتی کے ذریعے ناکام بنایا جائے گا۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے شہدائے درجات کی بلندی، ان کے اہل خانہ کے لیے صبر جمیل اور زخمی اہلکاروں کی جلد و مکمل صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ وطن کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ان عظیم سپوتوں کی لازوال قربانیاں ہمیشہ قوم کے دلوں میں زندہ رہیں گی۔

بقیہ 27

پیش گوئی کے پیش نظر موسمی الرٹ جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق 07 جولائی کی شب سے 08 جولائی 2026 تک صوبے کے بالائی اور وسطی علاقوں میں مختلف مقامات پر بارش، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ پاکستان محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہواؤں کا ایک سلسلہ، جو خلیج بنگال سے آنے والی مرطوب ہواؤں کے ساتھ مل کر اثرانداز ہوگا، بلوچستان کے متعدد اضلاع میں موسم پر اثر ڈالے گا۔ متاثر ہونے والے اضلاع میں ژوب، شیرانی، کوہلو، نصیرآباد، دکی، ہرنائی، اورالائی، سبی، بارکھان، موسیٰ خیل، خضدار، ڈیرہ بگٹی اور ملحقہ علاقے شامل ہیں۔ مذکورہ پیش گوئی کے پیش نظر پی ڈی ایم اے بلوچستان نے تمام متعلقہ ڈپٹی کمشنرز، ضلعی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز (DDMAs) اور متعلقہ محکموں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ ہائی الرٹ رہیں، ہنگامی امدادی ٹیموں اور ضروری وسائل کی دستیابی یقینی بنائیں، اور انسانی جانوں و املاک کے تحفظ کے لیے تمام ضروری احتیاطی اقدامات بروقت مکمل کریں۔ جاری کردہ ایڈوائزری میں درج ذیل خدشات کی نشاندہی کی گئی ہے: - تیز ہوائیں کمزور تعمیرات، بجلی کے کھمبوں، اشتہاری بورڈز اور سولر پینلز کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ - بعض مقامات پر آسمانی بجلی گرنے کے واقعات بھی پیش آ سکتے ہیں۔ - کسانوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی زرعی سرگرمیوں کو تازہ ترین موسمی پیش گوئی کے مطابق ترتیب دیں۔ - عوام الناس سے اپیل کی گئی ہے کہ خراب موسم کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور کمزور عمارتوں، درختوں اور بجلی کی تنصیبات سے محفوظ فاصلے پر رہیں۔ تمام ضلعی انتظامیہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ موسمی صورتحال پر مسلسل نظر رکھیں، متعلقہ اداروں کے ساتھ مؤثر رابطہ برقرار رکھیں اور عوام تک بروقت اور درست معلومات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ اضلاع کو یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ پیش گوئی کے پورے دورانیے میں اپنی صورتحال سے متعلق باقاعدہ رپورٹس صوبائی ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (PEOC)، پی ڈی ایم اے بلوچستان کو ارسال کرتے رہیں۔ پی ڈی ایم اے بلوچستان نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ محتاط رہیں، پاکستان محکمہ موسمیات اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے جاری کردہ سرکاری موسمی ہدایات پر عمل کریں، اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ اداروں کو اطلاع دیں۔ اتھارٹی کسی بھی ممکنہ موسمی ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور ہر ممکن امداد و تعاون فراہم کرے گی۔

بقیہ 28

، یونس خان، بگریز کے شہادت اور 11 افراد کو اغواء کرنے کے انسانیت سوز واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ فارم 47 کی نااہل مسلط حکومت عوام کی سر و مال کی تحفظ میں ناکام ہو چکی ہے، مسلح جتوں کا جدید اسلحہ کے ساتھ علاقہ مکینوں پر حملہ آور ہونا، نہتے بے گناہ عوام پر فائرنگ شہادتیں، شدید زخمی، اغواء کرنے کی حکومت اور ریاستی اداروں کے لیے سوالیہ نشان ہے؟ ہنہ اوڑک کا دلخراش واقعہ دراصل بدترین بدامنی اور امن کی تباہی کی واضح مثال ہے اور یہ واقعات تسلسل سے جاری ہیں جس پر حکومت خاموش رہی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ہنہ اوڑک کے عوام کے احتجاجی دھرنے کے تمام مطالبات جائز گردانتی ہے اور ان کی بھرپور حمایت کرتی ہے اور پارٹی کے تمام کارکنوں کو ہدایت کرتی ہے کہ وہ ایئرپورٹ پر جاری احتجاجی دھرنا میں بھرپور شرکت اور 8 جولائی بروز بدھ کو شام چار بجے ہونیوالے احتجاجی جلسہ عام کی تیاری اور اس میں شرکت کو ہر صورت یقینی بنائیں۔ احتجاجی جلسے میں پارٹی کے مرکزی و صوبائی قائدین بھی شرکت کرینگے اور پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے شام سہ پہر 3 بجے جلوس روانہ ہوگا جو کہ ایئرپورٹ روڈ کے سامنے ہنہ اوڑک کے عوام احتجاجی دھرنے اور جلسہ عام میں شرکت کریگی۔ بیان میں ہنہ اوڑک کے 11 مغویوں شاہ اللہ ولد حاجی محمد اکبر، امیر جان ولد حاجی خانگل، خدائے رحیم ولد حاجی نور محمد، عرفان اللہ ولد محمد زمان، مصور خان ولد سرور خان، محمد داؤد ولد پیر محمد، ثناء اللہ ولد سردار محمد، مطیع اللہ ولد محمد اکبر، سیف الرحمن ولد داد محمد، وزیر محمد ولد اختر محمد اور عبدالنافع کو بحفاظت طور پر بازیاب کرانے، مسلح جتوں کا خاتمہ، امن و امان کے قیام اور عوام کے سر و مال کی تحفظ کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ بیان میں شہداء کے خاندانوں کو صبر جمیل عطا کرنے کی دعا کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پشتونخوا میپ غم کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے دکھ درد میں برابر کی شریک ہیں۔ بیان میں زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی گئی ہے اور حکومت سے علاج کے سلسلے میں مکمل تعاون کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 29

مطابق وفاقی کابینہ نے وزارت مذہبی امور کی سمری پر طویل المدتی حج پالیسی کی منظوری دی ہے، ملک میں پہلی مرتبہ طویل المدتی حج پالیسی تیار کی گئی ہے۔ وفاقی کابینہ نے متفقہ طور پر تین سالہ حج پالیسی کی منظوری دے دی۔

بقیہ 30

ہے، جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیراعظم کونسل کے چیئرمین ہوں گے، جبکہ چیف آف ڈیفنس فورسز اور آرمی چیف بھی کونسل کے ارکان میں شامل ہوں گے۔ اس کے علاوہ چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ، وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر اور وزیراعلیٰ گلگت بلتستان بھی کونسل کے رکن ہوں گے۔ کونسل میں وفاقی وزراء برائے خزانہ، منصوبہ بندی، صحت، تعلیم، قانون، اطلاعات اور مذہبی امور کو بھی شامل کیا گیا ہے تاکہ آبادی سے متعلق پالیسی سازی میں تمام متعلقہ اداروں کی نمائندگی یقینی بنائی جا سکے۔ حکومتی نوٹیفکیشن کے مطابق نیشنل پاپولیشن کونسل کا بنیادی مقصد ملک میں بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پانے کے لیے ایک مؤثر، مربوط اور دیرپا قومی پالیسی مرتب کرنا ہے۔ کونسل آبادی پر قابو پانے کے حوالے سے قومی اتفاق رائے پیدا کرنے، عوامی حمایت حاصل کرنے اور وفاقی و صوبائی سطح پر جاری اقدامات میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے بھی سفارشات اور عملی اقدامات کرے گی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ آبادی پر کنٹرول کی قومی مہم کو مؤثر بنانے کے لیے مذہبی اسکالرز، سول سوسائٹی، نجی شعبے اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو بھی اس عمل کا حصہ بنایا جائے گا تاکہ آگاہی اور عوامی شمولیت کے ذریعے پائیدار نتائج حاصل کیے جا سکیں۔

بقیہ 31

محمد عارف شمشیر، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، حاجی عطا محمد شوزئی سمیت جمعیت علماء اسلام کے دیگر رہنماؤں، کارکنوں اور ماتحت یونٹوں کے ذمہ داران نے سانحہ ہنہ اوڑک کے شہداء کے لواحقین کی جانب سے جاری دھرنے میں شرکت کر کے متاثرہ خاندانوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر رہنماؤں نے کہا کہ نہایت افسوس کا مقام ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال روز بروز ابتر ہوتی جا رہی ہے حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام دکھائی دے رہی ہے۔ صوبے کے مختلف علاقوں میں لوگ اپنے تحفظ کے مطالبے کیلئے سڑکوں پر احتجاج کرنے پر مجبور ہیں مگر بے حس حکمران اس سنگین صورتحال کا ادراک کرنے کے بجائے محض خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے ایک اور بیان میں ضلع زیارت کے علاقے کچھ مانگی میں مسلح افراد کے حملے کے نتیجے میں 9 لیویز و پولیس اہلکاروں کی شہادت اور تقریباً 20 اہلکاروں کے اغوا پر دلی رنج و غم اور شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس واقعے کو انتہائی سفاکانہ، وحشیانہ اور قابل مذمت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع زیارت میں قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کی شہادت اور اغوا نہایت افسوسناک اور تشویشناک واقعہ ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ بلوچستان میں قتل و غارت گری روزمرہ کا معمول بنتی جا رہی ہے۔

بقیہ 01

محمد عارف شمشیر، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، حاجی عطا محمد شموزئی سمیت جمعیت علما اسلام کے دیگر رہنماں، کارکنوں اور ماتحت یونٹوں کے ذمہ داران نے سانحہ ہنداوڑک کے شہداء کے لواحقین کی جانب سے جاری دھرنے میں شرکت کر کے متاثرہ خاندانوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر رہنماں نے کہا کہ نہایت افسوس کا مقام ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال روز بروز ابتر ہوتی جارہی ہے حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام دکھائی دے رہی ہے۔ صوبے کے مختلف علاقوں میں لوگ اپنے تحفظ کے مطالبے کیلیے سڑکوں پر احتجاج کرنے پر مجبور ہیں مگر بے حس حکمران اس سنگین صورتحال کا ادراک کرنے کے بجائے محض خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے ایک اور بیان میں ضلع زیارت کے علاقے کچھ ماگی میں مسلح افراد کے حملے کے نتیجے میں 9 لیویز و پولیس اہلکاروں کی شہادت اور تقریبا 20 اہلکاروں کے اغوا پر دلی رنج و غم اور شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس واقعے کو انتہائی سفاکانہ وحشیانہ اور قابل مذمت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع زیارت میں قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کی شہادت اور اغوا نہایت افسوسناک اور تشویشناک واقعہ ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ بلوچستان میں قتل و غارت گری روزمرہ کا معمول بنتی جارہی ہے۔ آئے روز پیش آنے والے ایسے المناک واقعات پوری قوم کو سوگوار کر رہے ہیں اور ہر درد مند دل خون کے آنسو رونے پر مجبور ہے انہوں نے کہا کہ حکومتی رٹ عملا ریڈ زون تک محدود ہو کر رہ گئی ہے، جبکہ صوبے کے بیشتر علاقے بدامنی کی لپیٹ میں ہیں۔ موجودہ حکومت بلوچستان میں امن و امان قائم کرنے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں ناکام ہو چکی ہے۔ حالات اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ امن و امان کی صورتحال حکومتی کنٹرول سے باہر دکھائی دے رہی ہے۔

بقیہ 02

سیاح دونوں عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ حاجی بصیر خان بارکزئی نے کہا کہ ہنداوڑک ایک اہم پشتون علاقہ ہے، جہاں بدامنی پھیلا کر نفرت، انتشار اور تصادم کا ماحول پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات بلوچستان کے امن، استحکام اور عوامی ہم آہنگی کے لیے انتہائی نقصان دہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید نواب اکبر خان بگٹی کی شہادت کے بعد بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال مسلسل متاثر ہوئی ہے، جس کے باعث آج بھی عوام خود کو غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، لہٰذا حکومت اور متعلقہ ادارے دہشت گردی کے واقعات کی شفاف تحقیقات کریں، ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق انصاف کے کٹہرے میں لائیں اور ہنداوڑک سمیت پورے بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری وطن پارٹی بلوچستان میں امن، بھائی چارے اور عوام کے آئینی و جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔

بقیہ 03

، امان اللہ کاگجانی، عابد علی پہنور، فرخ شہزاد، عابد حسین رند، ڈویژن کے تمام ڈپٹی کمشنرز اور ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں 2007، 2010، 2012 اور 2022 کے سیلاب سے ہونے والے نقصانات اور حفاظتی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ ماضی میں نصیر آباد ڈویژن دریائی اور بالائی علاقوں سے آنے والے سیلابی ریلوں سے شدید متاثر ہوتا رہا ہے، لہذا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں نصیر آباد ڈویژن کے تمام اضلاع میں پیشگی حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ ایس ایس پیز کے ہمراہ ضلعی سطح پر اجلاس منعقد کر کے ہنگامی منصوبہ بندی کو حتمی شکل دیں، سیلابی گزرگاہوں کی صفائی، اریگیشن مشینری کی فعالیت، حساس یونین کونسلز میں موک ایکسرسائز، ادویات، خوراک اور دیگر امدادی سامان کی دستیابی، محفوظ مقامات کی نشاندہی اور عوام کی بروقت منتقلی کے انتظامات مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ممکنہ سیلاب کے دوران اریگیشن سمیت تمام متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ برقرار رکھا جائے، جہاں حفاظتی کٹس لگانے کی ضرورت ہو ان مقامات کی نشاندہی کی جائے، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ این جی اوز کی فہرستیں مرتب کرے، جبکہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے ضلعی ٹیمیں تشکیل دے کر مشینری اور وسائل کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں عوام کے جان و مال کا تحفظ اور فوری امدادی کارروائیاں مؤثر انداز میں انجام دی جا سکیں۔

بقیہ 04

دیرینہ عوامی مطالبے کو پورا کرتے ہوئے علاقے کی تقدیر بدلنے والا بڑا ترقیاتی منصوبہ منظور کرایا ہے۔ ایک بیان میں میر اللہ خان جکھرانی کے مطابق رکن صوبائی اسمبلی منسٹر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے نصیر آباد کے علاقے میر حسن ٹو گوٹھ مولوی دین محمد جکھرانی شیرانی تک بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر کر وائی۔ یہ منصوبہ ابتدائی مرحلے میں 25 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا جائے گا، جس کے تحت 22 کلومیٹر طویل سڑک تعمیر کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس سڑک کی تعمیر سے نہ صرف عوام کے لیے آسان اور محفوظ آمد و رفت کا ذریعہ بنے گی بلکہ اس سے علاقے میں ترقی کے نئے دروازے کھلیں گے اور عوام کو بنیادی سہولیات تک رسائی بہتر ہوگی اس اہم منصوبے کی تعمیر سے مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ میر اللہ خان جکھرانی نے کہا کہ میر محمد صادق عمرانی نے ہمیشہ عوامی مفادات کو ترجیح دی ہے اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں۔

بقیہ 05

پیکوس اور مجوزہ مدت تکمیل کے حوالے سے جامع بریفنگ دی اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اور اعلی معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے ڈویلپمنٹ سب کمیٹی نے مختلف نئے روڈ انفراسٹرکچر منصوبوں کے علاوہ سڑکوں کی تعمیر و مرمت سے متعلق متعدد اسکیموں کی منظوری کی سفارش کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ منظور شدہ منصوبوں پر جلد از جلد عملی کام کے آغاز کے لیے تمام قانونی انتظامی اور تکنیکی تقاضے بروقت مکمل کیے جائیں گے اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی نگرانی اور مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 06

اور زہریلی سبزیوں کا مکمل خاتمہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا مشن ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سیوریج کے آلودہ پانی سے کاشت کی جانے والی سبزیاں عوامی صحت کے لیے سنگین خطرہ ہیں جس کے پیش نظر ان کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عدالت عالیہ کے فیصلے اور متعدد بار جاری کی گئی وارننگز کے باوجود اگر کوئی شخص سیوریج کے پانی سے سبزیوں کی کاشت جاری رکھتا ہے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی جبکہ مضر صحت سبزیوں کی تلفی کے حالیہ جاری آپریشن میں رکاوٹ ڈالنے یا قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے زمینداروں کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ صحت مند قوم کے لیے صحت بخش خوراک ناگزیر ہے اور زہریلی سبزیوں کی خرید و فروخت کی کوئی گنجائش نہیں۔ دریں اثنا بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی آپریشن ٹیموں نے پولیس کے تعاون سے کوئٹہ کی سی پیک روڈ پر بڑے پیمانے پر کارروائی کرتے ہوئے تقریبا 36 ایکڑ رقبے پر سیوریج کے آلودہ پانی سے کاشت کی گئی گوبھی، پودینہ، دھنیا، چقندر اور سلاد کی فصلوں کو ٹریکٹروں کے ذریعے تلف کر دیا۔ کارروائی کے دوران ان کھیتوں کو فراہم کیے جانے والے آلودہ پانی کے ذرائع بھی منقطع کر دیے گئے تاکہ مستقبل میں دوبارہ ایسی غیر قانونی کاشت نہ کی جا سکے۔ ڈی جی بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق خصوصی آپریشن عوام کو محفوظ، معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے جاری مہم کا حصہ ہے۔ انہوں نے واضح کیا ہے کہ کوئٹہ بھر میں ایسے مقامات کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے جہاں سیوریج کے پانی سے سبزیوں کی کاشت کا خدشہ موجود ہے اور جہاں بھی خلاف ورزی سامنے آئے گی وہاں فوری اور سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے عوام سے بھی اپیل کی کہ اپنے گلی محلوں میں اگر کہیں سیوریج کے آلودہ پانی سے سبزیوں کی کاشت یا مضر صحت خوراک کی تیاری و فروخت کی اطلاع ہو تو فوری طور پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کو آگاہ کریں تاکہ بروقت کارروائی کر کے عوامی صحت کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 07

سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے بتایا کہ جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت متعدد ترقیاتی اسکیموں پر کام جاری رکھے ہوئے ہے۔ حال ہی میں پرانی عیدگاہ کے اطراف گلیوں کی بلیک ٹاپنگ مکمل کی گئی ہے، جبکہ ماڈل محلہ منصوبے پر جلد کام کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح سربندر فشنگ جیٹی مول سمیت دیگر ترقیاتی منصوبے ٹینڈرنگ کے مراحل میں ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ میرین ڈرائیو کازوے، آئی سی ٹی بلڈنگ اور دیگر اہم منصوبوں پر بھی تیزی سے کام جاری ہے، جبکہ کازوے منصوبہ تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ تاہم بعض ترقیاتی منصوبوں کے لیے رواں مالی سال کے ترقیاتی پروگرام میں فنڈز مختص نہ ہونے کے باعث ان کی بروقت تکمیل کو چیلنجز درپیش ہیں۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمن نے یقین دہانی کرائی کہ وہ جی ڈی اے کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے درکار فنڈز کے حصول کی خاطر صوبائی اور وفاقی حکومت سے بھرپور رابطے کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سلسلے میں ان کی وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال سے بات چیت ہو چکی ہے اور جلد ہی ان سے ایک اہم ملاقات بھی متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ جی ڈی اے ترقیاتی منصوبوں پر کام بلاتعطل جاری رکھے، فنڈز کے اجرا کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ اجلاس میں ماڈل محلہ میں سیوریج لائنوں کی تنصیب اور ٹی ٹی سی کالونی میں ڈرینج سسٹم کی بہتری سے متعلق تجاویز بھی زیر غور آئیں، جن پر ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے مثبت پیش رفت اور عملی اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ مزید براں، گوادر، سربندر اور پشکان کے بنیادی مراکز صحت (BHUs) کی مرمت، بحالی اور وہاں دستیاب سہولیات میں بہتری لانے کے لیے مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں فشرمین کالونی کے معاملات کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ غیر قانونی قابضین سے اراضی واگزار کرانے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے تعاون سے جلد مشترکہ آپریشن شروع کیا جائے گا۔ اراضی واگزاری کے بعد پلاٹوں کی الاٹمنٹ کے اگلے مرحلے کا آغاز کیا جائے گا تاکہ مستحقین کو ان کے حقوق کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 08

کہ جوان بیٹے کا بچھڑ جانا ایک انتہائی بڑا اور ناقابل تلافی صدمہ ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ میر اعجاز خان جکھرانی اور اہل خانہ کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ میر زاہد خان جکھرانی 22 برس کی عمر میں کراچی کے ایک ہسپتال میں زیر علاج رہنے کے بعد انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ 09

کی ہے ملک اور صوبے کی جمہوری سیاست میں اچھے ڈی پی ان چند ایک جماعتوں میں شامل ہے کہ جس کی قیادت آج بھی ایک عام کارکن کی حیثیت سے عوام میں کام کرتا رہا ہے انہوں نے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی کے تحصیل یوم تاسیس اور حلقہ کونسلوں کے انتخابات کے سلسلے میں منعقد ہونے والے جنرل باڈی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پارٹی کے نائب چیئرمین مرزا حسین ہزارہ، رکن مرکزی کونسل محمد زمان دہقانزادہ اور دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا رہنماؤں نے کہا کہ جولائی 2003 کو جب پارٹی کا قیام عمل میں لایا جارہا تھا جب بھی کوئٹہ شہر میں قتل و غارت گری کا راج تھا ہزارہ نسل کشی کا آغاز کیا جا چکا تھا اسی دوران 4 جولائی کا واقعہ رونما ہوا تھا جو بیس سال تک جاری رہا اور آج بھی کوئٹہ سمیت پورا صوبہ جل رہا ہے کوئی نہیں جو ان حالات پر قابو پا سکیں بیساکیوں پر چلنے والی جعلی حکومت اور فارم 47 کے اراکین اسمبلی اپنے علاقوں تک نہیں جاسکتے قومی شاہراہیں غیر محفوظ اور حالات قانون نافذ کرنے والے اداروں کے کنٹرول سے باہر ہو چکی ہیں انہوں نے کہا کہ ہنہ اوڑک کے بعد زیارت میں لیویز تھانوں پر حملہ درجنوں پولیس اہلکاروں کی شہادت اور بڑی تعداد میں اہلکاروں کے لاپتہ ہونے پر انتہائی دکھ اور افسوس ہوا ہے یہ کیسی حکومت ہے کہ جو اپنے ہی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی داد رسی نہیں کرسکتا جن کی حکمرانی میں عوام اور قانون کے محافظ ایک ہی طرح سے غیر محفوظ ہیں جس طرح کے حالات بنائے جارہے ہیں اس سے لگتا ہے کہ عوام اپنی خیر کی دعا کریں پارٹی رہنماؤں نے کہا کہ امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ذمہ داری ہے جسے پورہ کرنے کیلئے ہر ادارے کو اپنے فرائض دیانت داری کے ساتھ ادا کرنا چاہیے مگر شومئی قسمت اب جس طرح کے حالات بن گئے ہیں اس سے لگتا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو الٹا سے محافظوں کی ضرورت پڑ گئی ہیں انہوں نے کہا کہ حالات کی درستگی کے لئے ضروری ہے کہ حقیقی عوامی قیادت کو سامنے لایا جائے دو نمبر اور جعلی قیادت مسائل کا حل نہیں بلکہ یہ بذات خود مسئلے ہیں ان جعلی لوگوں میں عوام کا سامنا کرنے کی اخلاقی جرات تک موجود نہیں اگر انتخابات 2024 میں نتائج عوامی رائے کے مطابق دیئے جاتے اور حقیقی لوگوں کو اسمبلیوں تک جانے کا موقع ملتا تو آج حالات مختلف ہوتے ریڈ زون سمیت کسی کو بھی سیکورٹی حصار میں نہ رہنا پڑتا اور عوامی لوگوں کو تو عوام سے کسی طرح کا خوف نہیں ہوتا انہوں نے کارکنوں کو حلقہ کونسلوں کے انتخابات میں فعال افراد کے انتخاب کی تاکید کرتے ہوئے بھرپور طور پر شرکت کی تاکید کی پارٹی رہنماؤں نے ہنہ اوڑک اور زیارت کے شہدا کیلئے دعائے مغفرت کی اور ان کے لواحقین کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے مغوی اہلکاروں کی بحفاظت واپسی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا گیا۔

بقیہ 10

انٹیلی جنس اطلاعات کی بنیاد پر زیرو پوائنٹ، کوئٹہ روڈ، ڈیرہ اللہ یار کے قریب کامیاب کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران 6 کلوگرام چرس برآمد کر لی گئی، جبکہ منشیات کی ترسیل میں استعمال ہونے والی ایک موٹر سائیکل بھی قبضے میں لے لی گئی۔ متعلقہ حکام نے واقعہ کا مقدمہ ایف آئی آر FIR درج کر لیا گیا ہے اور مزید تفتیش جاری ہے تاکہ اس نیٹ ورک سے وابستہ دیگر عناصر کو بھی قانون کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔ ڈائریکٹر جنرل ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس حکام نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ صوبے میں منشیات کے خاتمے اور اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 11

شاہوانی، ایڈووکیٹ طاہر شاہوانی، ملک محمد ابراہیم شاہوانی، ملک محمد رفیق شاہوانی، پرنس رزاق بلوچ، ایڈووکیٹ ملک شہزاد احمد شاہوانی ایڈووکیٹ ملک ظہیر احمد شاہوانی، شکیل احمد بلوچ، حاجی مظفر شاہوانی، داود بلوچ، شفیع محمد مینگل، انجینئر یاسر جان، عادل شاہوانی، ملک شیر باز شاہوانی، حاجی آغا محمد، ماما عبدالمنان شاہوانی عصمت اللہ شاہوانی، غلام جان شاہوانی، حافظ محمد جہانزیب، شام مرید مینگل اور بمراہ دیگر رہنماؤں بادینی ہاؤس کلی حاجی فتح محمد بادینی، کماکو سریاب کوئٹہ مرحومین حاجی جمعہ خان بادینی اور حاجی منظور احمد بادینی کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کیلئے تشریف لائے وفد میں پارٹی کے دیگر سینئر رہنما شامل تھے معززین نے بلوچستان کے معروف ٹرانسپورٹ رہنماؤں اور 1970 کے دہائی میں نیپ بلوچستان کے سرگرم مخلص سیاسی ورکر اور کالعدم نیپ کے بعد 1980 کے دہائی سے تاحیات ساری زندگی مخلصی کے ساتھ تبلیغی جماعت سے وابستگی مرحوم حاجی جمعہ خان بادینی اور ان کے چھوٹے بھائی مرحوم حاجی منظور احمد بادینی کے انتقال پر ان کے صاحبزادگان چیئرمین تفتان بس ٹرانسپورٹ یونین محمود خان بادینی، حاجی علی احمد، محمد یوسف، حافظ محمد علی، حافظ مقصود احمد، مولانا مصعب احمد، حافظ محمد عاصم، محمد جعفر اور حافظ محمد عباس سیاو رحاجی منظور احمد کے بیٹوں محمد یسین محمد صدیق اور محمد عمر بادینی جبکہ مرحوم کے بھائیوں حاجی اللہ بخش بادینی (رہنما تفتان بس ٹرانسپورٹ یونین)، حاجی عبدالحلیم، عبدالغفار، حاجی حفیظ اللہ، مرحوم کے چچا حاجی عیسی خان بادینی، چچازاد بھائیوں شفیع محمد، حاجی شاہجہان، پروفیسر عبدالوہاب بادینی اور بھانجے میر گل محمد مینگل سمیت تمام لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور مرحومین کو خراج تحسین پیش کیا جبکہ ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین،

بقیہ 12

کی سینہ خرید و فروخت، لیز کے خاتمے اور سکول کی جگہ کمرشل پلازہ تعمیر کرنے کی علم دشمنی پر مبنی اقدامات کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 73 سال سے کوئٹہ کے شہریوں کو تعلیمی خدمات فراہم کرنے والے ادارے (سکول) کی لیز کو محکمہ اوقاف کی جانب سے یک قلم جنبش ختم کرنے اور سکول کو منہدم کر کے وہاں کمرشل پلازے کی تعمیر کا منصوبہ اور کروڑوں روپے کی جائیداد پر خرید و فروخت کا نوٹس لینا صوبائی وزیر اعلیٰ، چیف سیکرٹری کی ذمہ داری ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ علم دشمنی کے اس اقدام میں ملوث لوگوں کو بے نقاب کیا جائے اور فوری طور پر علمی سلسلے کو بحال کر کے طلباء کے مستقبل کو ضائع ہونے سے بچایا جائے۔ بیان میں واضح کیا گیا ہے کہ پشتونخوا عوامی پارٹی مسیحی برادری کو یقین دلاتی ہے کہ پارٹی ان کے ساتھ کھڑی ہے اور تعلیمی ادارے کے خلاف ہر سازش کے خاتمے اور سینٹ گیبرل سکول کو اپنی اصل حیثیت میں بحال کرنے میں اپنا سیاسی، جمہوری کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 13

کہا کہ شہریوں کے تحفظ پر معمور پولیس افسران و اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک عمل ہے امن و امان کی بحالی اور ملکی دفاع کی خاطر پولیس کے جوانوں کی جانب سے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا گیا جو قابل تحسین عمل ہے انہوں نے کہا کہ ایسے بزدلانہ کارروائیوں سے ہمارے سیکیورٹی اداروں اور غیور جوانوں کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے حکومت صوبے میں امن و امان کے قیام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی اور دہشت گردی کے جڑ سے خاتمے تک تمام ممکنہ اقدامات اور سرگرمیاں پوری طاقت سے جاری رہیں گی صوبائی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ اوڑک کلی بیری میں دہشت گردوں کے حملے کی مذمت اور انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے شہداء کے درجات کی بلندی، سوگوار لواحقین کے لیے صبر جمیل اور واقعے میں زخمی ہونے والے اہلکاروں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے خصوصی دعا کی۔

بقیہ 14

کے تبادلے کے بعد فرار ہوگئے۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ شب شعراء، فقیر نصیر آباد این 27 پر درجن سے زائد نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر کوچ کے مسافروں کو لوٹنے کی کوشش کی کہ اسی دوران بلوچستان ہائی وے پولیس گشت کرتی ہوئی موقع پر پہنچ گئی اور اس دوران ڈاکوؤں اور ہائی وے پولیس اہلکاروں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے مغرب کی طرف فرار ہو گئے اور ڈکیتی کی کوشش کو ناکام بنادی گئی۔ مزید کارروائی تھانہ حاجی شہر ضلع پولیس کی عملہ کر رہا ہے۔

بقیہ 15

گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں، تاہم قوم کے اتحاد، سکیورٹی فورسز کی بہادری اور عوام کے تعاون سے ان کے تمام مذموم عزائم ناکام بنائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن قوتیں عوام اور ریاستی اداروں کے درمیان بداعتمادی پیدا کرنا چاہتی ہیں، لیکن محب وطن پاکستانی ایسی ہر سازش کو یکجہتی اور قومی اتحاد سے ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنی پولیس، پاک افواج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور دہشت گردی کے خلاف جاری جدوجہد میں ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔ میر عثمان گورگیج نے کہا کہ دہشت گردی کسی ایک علاقے یا قوم کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے، جس کے خاتمے کے لیے قومی یکجہتی، عوامی تعاون اور ریاستی اداروں کی مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی، لواحقین کے لیے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہمیشہ قوم کے لیے مشعل راہ رہیں گی اور ان کا خون ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا۔

بقیہ 16

ان کی صورتحال اور حکومتی انتظامیہ کی بے بسی اور بے حسی سوالیہ نشان ہے۔ بے گناہ شہریوں کو درجنوں کی تعداد میں اغوا اور قتل کیا جاتا ہے جبکہ حکومت کا درد سر یہ ہے کہ کس طرح احتجاج پر بیٹھے ہوئے عوام کو مطمئن کیا جائے انہوں نے کہا ہے کہ کچھ مخصوص علاقوں میں گزشتہ کچھ عرصے سے مسلسل مسلح جتھوں کی موجودگی کی خبریں گردش کر رہی ہیں جس کی وجہ سے لوگوں کے روزمرہ کے معمولات اور معاشی زندگی متاثر ہو رہی ہے پورے صوبے میں بالعموم عوام کو نام نہاد مسلح جتھوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے عوام کا کاروبار اور معیشت تباہ ہو گیا ہے پہلے سے ہی بدحالی کے شکار صوبے کے عوام نان شبینہ کے محتاج بنائے جا رہے ہیں انہوں نے کہا ہے کہ امن وامان کی بحالی اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ صرف اور صرف حکومت کی ذمہ داری ہے کسی نجی فورس، ملیشیا اور لشکر کا کوئی تصور آئین پاکستان اور دنیا کے کسی سول سوسائٹی میں موجود نہیں ہے لہذا ایسے اقدامات کی سخت انداز میں حوصلہ شکنی ضروری ہے انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت اپنی ذمہ داریوں اور فرائض کے حوالے سے سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے صوبے میں قانون اور حکومت کی رٹ بحال کرے عوام کے جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنائے صوبے کے شاہراہوں پر تجارتی ٹرانسپورٹ کو درپیش خطرات کا قلع قمع کرے اور قانون کی پاسداری کیلئے مؤثر اقدامات اٹھائے۔

بقیہ 17

کے مطابق سوک سینٹر حب میں میونسپل کارپوریشن حب کے نو منتخب چیئرمین گل حسن محمد حسنی کی تقریب حلف برداری منعقد ہوئی ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد مندوخیل نے نو منتخب چیئرمین سے ان کے عہدے کا حلف لیا تقریب میں میونسپل کارپوریشن حب کے کونسلرز، پاکستان پیپلز پارٹی کے عہدیداران، سیاسی و سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر مقررین نے اس امید کا اظہار کیا کہ نئی قیادت شہر کی ترقی، شہری مسائل کے حل اور بلدیاتی ادارے کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات کرے گی۔

بقیہ 18

رو دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں کوئٹہ میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر کیو ڈی اے کی اراضی پر قائم غیر قانونی جھونپڑیوں اور تجاوزات کے خاتمے اور سرکاری اراضی واگزار کرانے کے اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل کیے جائیں، سرکاری اراضی کو تجاوزات سے واگزار کرایا جائے اور منصوبوں میں حائل رکاوٹیں فوری طور پر دور کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی معیاری اور بروقت تکمیل سے جہاں ترقی و خوشحالی میں تیزی آئے گی وہیں دوسری جانب عوام کو سہولیات میسر آئے گی۔

بقیہ 19

رت منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ فشریز کے ڈاکٹر علاؤالدین، الکرم گروپ کے اسد فواد، منصوبے کے آرکیٹیکچرل ماہرین اور بی بی او آئی ٹی کے واجد حبیب نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران شرکا نے منصوبے کے ابتدائی روڈ میپ کا تفصیلی جائزہ لیا اور بروقت پیش رفت کو یقینی بنانے کے لیے متعدد فوری اقدامات پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا کہ گڈانی میں جدید شرمپ ہیچری کا قیام حکومت بلوچستان کی جانب سے پائیدار آبی زراعت (Aquaculture) کے فروغ اور معیاری ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کے حصول کی کوششوں میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ صوبے بھر میں تجارتی بنیادوں پر شرمپ فارمنگ کے لیے اعلیٰ معیار کے شرمپ سیڈ کی تسلسل فراہمی کو یقینی بنائے گا، درآمدی سیڈ پر انحصار کم کرے گا اور ساحلی آبادیوں کے لیے روزگار اور معاشی ترقی کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سرمایہ کاری کے فروغ، معیشت کے تنوع اور زیادہ ترقی کی صلاحیت رکھنے والے شعبوں میں ویلیو ایڈیشن کو مسلسل ترجیح دے رہے ہیں۔ ان کے مطابق فشریز اور آبی زراعت کا شعبہ روزگار، برآمدات اور پائیدار معاشی ترقی کے وسیع مواقع فراہم کرتا ہے، اسی لیے حکومت نے اسے اپنی ترجیحی شعبوں میں شامل کیا ہے۔ اجلاس کے شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور قریبی رابطے کے ساتھ مقررہ مدت میں منصوبہ بندی کا مرحلہ مکمل کریں گے اور منصوبے کو تیزی سے عملی شکل دینے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 20

ضروری بوجھ عائد ہوتا ہے۔ اکیڈمک اسٹاف کا موقف ہے کہ طلبہ کی فیسوں کی وصولی، نادہندہ طلبہ کی نشاندہی، مالی واجبات کی تصدیق اور ان بنیادوں پر انتظامی فیصلے کرنا متعلقہ انتظامی شعبوں، بالخصوص فنانس برانچ، رجسٹرار آفس اور ایگزامینیشن برانچ کی ذمہ داری ہے۔ اساتذہ کا بنیادی فرض تدریس، تحقیق اور امتحانات کے شفاف انعقاد کو یقینی بنانا ہے، اس لیے انہیں مالی و انتظامی معاملات کا براہ راست فریق بنانا مناسب نہیں۔ اکیڈمک اسٹاف اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ اگر انتظامیہ بروقت نادہندہ طلبہ کی مصدقہ فہرست، واضح تحریری ہدایات اور مؤثر انتظامی طریقہ کار فراہم کرے تو فیسوں سے متعلق معاملات زیادہ خوش اسلوبی سے نمٹائے جاسکتے ہیں اور اساتذہ و طلبہ کے درمیان غیر ضروری کشیدگی سے بھی بچا جاسکتا ہے۔ ساتھ ہی یہ بھی واضح کیا جاتا ہے کہ چیپٹر ہمیشہ کی طرح ادارے کے وسیع تر مفاد میں انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کے لیے تیار رہیں گے اور جہاں بھی ضرورت پیش آئے، ضابطوں کے مطابق اپنا مثبت کردار ادا کریں گے۔ تاہم یہ تعاون انتظامیہ کی قانونی اور انتظامی ذمہ داریوں کا متبادل نہیں ہو سکتا۔ فیسوں کی وصولی اور اس سے متعلق فیصلوں کی بنیادی ذمہ داری متعلقہ انتظامی دفاتر ہی کی ہے اور انہی کو اس کی مؤثر انجام دہی کو یقینی بنانا چاہیے۔ اکیڈمک اسٹاف کو یقین ہے کہ اگر ہر شعبہ اپنی آئینی، قانونی اور انتظامی ذمہ داریاں خود ادا کرے اور باہمی تعاون کے اصول کو فروغ دیا جائے تو نہ صرف تدریسی ماحول مزید بہتر ہوگا بلکہ طلبہ، اساتذہ اور انتظامیہ کے درمیان اعتماد، احترام اور ادارہ جاتی ہم آہنگی بھی مضبوط ہوگی۔

بقیہ 21

شعور اجاگر کرنا تھا۔ سیمینار میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز لورالائی ڈویژن و ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ، سے ڈی سی جنرل نواز علی، اسسٹنٹ کمشنر ڈرگ اور اسسٹنٹ کمشنر ٹیمز اسرار احمد، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی فرحان کاکڑ، سے ڈی ایس نجیب اللہ کاکڑ، بی آر ایس پی کے ملیریا کوآرڈینیٹر اسحاق خان موسیٰ خیل، جو این ایچ سی آر کے محمود خان موسیٰ خیل، ایس او ایم این سی ایچ پروگرام محمد عثمان موسیٰ خیل، لیڈی ہیلتھ ورکرز، پیرا میڈیکس سمیت محکمہ صحت کے افسران، عملے اور دیگر شرکا نے شرکت کی۔ سیمینار ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر نقیب اللہ ماما نے پراجیکٹ کے بارے میں مکمل بریفنگ دی جبکہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ، اے سی ٹیمز اسرار احمد مندوخیل، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی فرحان کاکڑ، ہیڈ آف پیڈز ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر حنیف دمڑ، انچارج ڈسٹرکٹ میڈیسن اسٹور ڈاکٹر منان ملازئی، نیشنل پروگرام کے اکاونٹ سپروائزر ضیا غلزئی، بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے فوڈ سیفٹی آفیسر شہزادہ خان ناصر، ایس او ایم این سی ایچ پروگرام محمد عثمان موسیٰ خیل اور مولوی ظریف خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچے اللہ کا ایک عظیم نعمت ہے اور اسے اچھی خوراک کے ساتھ ساتھ اچھی تربیت اچھی شعور دینا اور اچھے اخلاق کا مالک بنا بھی ہمارے ذمہ داریوں میں شامل ہے مقررین نے کہا ہے کہ تمام اداروں کے درمیان رابطہ سازی قائم ہونا اور ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بچوں کو پیدائش کے فوراً بعد دودھ دینا اور پیدا ہونے سے پہلے ماوں کو اچھی خوراک دینا بہت ضروری ہے۔ ان سے قبل ایک پی آئی سنٹر سے ہسپتال تک ایک شعوری واک کا بھی اہتمام کیا گیا جبکہ مقصد شعور و اگاہی پیدا کرنا تھا۔ لورالائی 7 جولائی 2026 بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ نے یونیسف کے تعاون سے بریسٹ فیڈنگ منتھ کے سلسلے میں ایک سیمینار اور واک کا انعقاد کیا، جس کا مقصد والدین میں بچوں کی متوازن پرورش، صحت مند غذائیت اور مثبت تربیت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ سیمینار میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز لورالائی ڈویژن و ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ، سے ڈی سی جنرل نواز علی۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈرگ اور اسسٹنٹ کمشنر ٹیمز اسرار احمد، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی فرحان کاکڑ، سے ڈی ایس نجیب اللہ کاکڑ، بی آر ایس پی کے ملیریا کوآرڈینیٹر اسحاق خان موسیٰ خیل، جو این ایچ سی آر کے محمود خان موسیٰ خیل، ایس او ایم این سی ایچ پروگرام محمد عثمان موسیٰ خیل، لیڈی ہیلتھ ورکرز، پیرا میڈیکس سمیت محکمہ صحت کے افسران، عملے اور دیگر شرکا نے شرکت کی۔ سیمینار ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر نقیب اللہ ماما نے پراجیکٹ کے بارے میں مکمل بریفنگ دی جبکہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ، اے سی ٹیمز اسرار احمد مندوخیل، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی فرحان کاکڑ، ہیڈ آف پیڈز ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر حنیف دمڑ، انچارج ڈسٹرکٹ میڈیسن سٹور ڈاکٹر منان ملازئی، نیشنل پروگرام کے اکاونٹ سپروائزر ضیا غلزئی، بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے فوڈ سیفٹی آفیسر شہزادہ خان ناصر، ایس او ایم این سی ایچ پروگرام محمد عثمان موسیٰ خیل اور مولوی ظریف خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچے اللہ کا ایک عظیم نعمت ہے اور اسے اچھی خوراک کے ساتھ ساتھ اچھی تربیت اچھی شعور دینا اور اچھے اخلاق کا مالک بنا بھی ہمارے ذمہ داریوں میں شامل ہے مقررین نے کہا ہے کہ تمام اداروں کے درمیان رابطہ سازی قائم ہونا اور ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بچوں کو پیدائش کے فورا بعد دودھ دینا اور پیدا ہونے سے پہلے ماؤں کو اچھی خوراک دینا بہت ضروری ہے۔ ان سے قبل ایک پی آئی سنٹر سے ہسپتال تک ایک شعوری واک کا بھی اہتمام کیا گیا جبکہ مقصد شعور و اگاہی پیدا کرنا تھا۔

بقیہ 22

بل کمپنی کو آلودگی پھیلانے ماحولیاتی خلاف ورزی پر پی ایس ایل کمپنی کو سیل کر دیا گیا ہے اس موقع پر حب انتظامیہ اور محکمہ ماحولیات افسران کے کا کہنا تھا کہ حب شہر میں عوامی صحت اور ماحول کو نقصان پہنچانے والی کمپنیوں کے خلاف کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔

بقیہ 23

کے امتحانات، سرکاری وفنی ملازمتوں اور دیگر اہم مواقع سے محروم ہو رہے ہیں، جو نہایت افسوسناک اور تشویشناک صورتحال ہے۔ قادر بخش گویانے کہا کہ عوام بار بار متعلقہ دفاتر کے چکر لگانے پر مجبور ہیں، مگر اس مسئلے کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات دکھائی نہیں دیتے۔ انہوں نے اس تاخیر کو انتظامی غفلت قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت حل انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر کیچ سے پرزور مطالبہ کیا کہ لوکل سرٹیفکیٹ کے اجرا کے تمام زیرالتوا معاملات کو ہنگامی بنیادوں پر نمٹایا جائے، عمل کو شفاف اور تیز بنایا جائے، اور تمام سائلین کو بلا تاخیر لوکل سرٹیفکیٹ جاری کیے جائیں تاکہ نوجوان بروقت مقابلے کے امتحانات، روزگار کے مواقع اور دیگر سرکاری امور میں حصہ لے سکیں۔ آخر میں انہوں نے امید ظاہر کی کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مشکلات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اس دیرینہ مسئلے کے حل کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کرے گی تاکہ عوام کو مزید پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 24

جدید بلڈ بینک وارڈ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا ہے اس افتتاحی تقریب کی سب سے منفرد اور خوبصورت بات یہ تھی کہ روایتی پروٹوکول کو توڑتے ہوئے، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر سیف اللہ خان مری نے کسی وزیر، مشیر یا اعلی شخصیت کے بجائے اس جدید وارڈ کا افتتاح ایک تھیلیسیمیا کے مریض معصوم بچے کے ہاتھوں کروایا۔ انتظامیہ کا یہ اقدام نہ صرف دلوں کو چھو گیا بلکہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ یہ ہسپتال غریبوں، بے سہاروں اور حقیقی حقداروں کا ہے۔ اس موقع پر دھرنا کمیٹی اور عوام نے ایم ایس کے اس مخلصانہ جذبے کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ بلڈ بینک فعال ہونے سے اب ہرنائی کے غریب محنت کشوں اور عام عوام کو کسی بھی ہنگامی حالت یا حادثے کی صورت میں خون کی فراہمی کے لیے دیگر دور دراز شہروں اور کوئٹہ کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ ہسپتال میں ہی خون کی بروقت دستیابی سے قیمتی انسانی جانوں کو بچایا جاسکے گا، جو کہ طویل عرصے سے یہاں کا ایک سنگین مسئلہ تھا۔ نوجوانان دھرنا کمیٹی نے بلڈ بینک کے قیام اور اسے فوری فعال کرنے پر ہسپتال انتظامیہ خصوصاً ایم ایس ڈاکٹر سیف اللہ خان مری کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ ہسپتال کے دیگر مسائل کو بھی اسی طرح ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

بقیہ 25

عزت روزگار کے مواقع فراہم کرنا، غربت میں کمی لانا اور انہیں معاشی طور پر خود مختار بنانا ہے۔ الہ جات کی تقسیم کی تقریب کے مہمان خصوصی سیکرٹری انڈسٹریز اینڈ کامرس حکومت بلوچستان محمد خالد سرپرہ تھے۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو، ڈپٹی کمشنر واشک عبدالمجید سرپرہ، ڈپٹی کمشنر پنجگور جہانزیب بلوچ، ایڈیشنل سیکرٹری سٹاف ٹو چیف سیکرٹری رابعہ اطہر عباس، مختلف سرکاری محکموں کے افسران، سول سوسائٹی، میڈیا نمائندگان اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران 600 مستحق گھرانوں میں سلائی کڑھائی ریچ مشین، آٹا چکی، موٹر سائیکل ریپئرنگ اور دیگر چھوٹے کاروبار سے متعلق مختلف اقسام کے الیہ جات تقسیم کیے گئے تاکہ وہ اپنے خاندانوں کے لیے مستقل ذریعہ معاش قائم کر سکیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری انڈسٹریز اینڈ کامرس محمد خالد سرپرہ نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی معاشی خوشحالی اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ رائز پروگرام اس سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے، جس کے ذریعے مستحق خاندانوں کو مالی معاونت کے بجائے پائیدار روزگار کے ذرائع فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان کی کوشش ہے کہ نوجوانوں، خواتین اور کم آمدنی والے خاندانوں کو معاشی طور پر مضبوط بنایا جائے کیونکہ خود انحصاری میں پائیدار ترقی کی بنیاد ہے۔ اس موقع پر بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید نے بتایا کہ حکومت بلوچستان کے تعاون سے جاری رائز پروگرام صوبے کے مختلف اضلاع میں معاشی ترقی، روزگار کے فروغ، سماجی استحکام اور کمزور طبقات کو بااختیار بنانے کے لیے مؤثر انداز میں کام کر رہا ہے۔ پروگرام کے تحت شفاف اور میرٹ پر مبنی طریقہ کار کے ذریعے مستحق خاندانوں کا انتخاب کیا جاتا ہے تاکہ امداد حقیقی حقداروں تک پہنچ سکے۔ اس پروگرام کے تحت تقریباً 80 ہزار سے زائد گھرانوں کو معاشی طور پر مضبوط بنانے کے لیے یہ بات کی فراہمی، ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ٹریننگ، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کی ترقی، معاشی انفراسٹرکچر کی تعمیر اور نوجوانوں کو آسان قرضہ جات کی فراہمی شامل ہے۔ اس سلسلے میں ایہ جات کی تقسیم کی مزید تقریبات ضلع کیچ ڈپٹی کمشنرز آفس کے ساتھ ملکر منعقد کی جارہی ہیں۔ تقریب کے اختتام پر مستفید افراد نے حکومت بلوچستان اور بی آر ایس پی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ فراہم کیے گئے ایہ جات ان کے لیے مستقل روزگار کے حصول اور اپنے خاندان کی بہتر کفالت کا ذریعہ بنیں گے۔ انہوں نے اس اقدام کو اپنی زندگی میں مثبت تبدیلی کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔

بقیہ 26

آہنگ بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حب نے بینک انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تمام بینکوں میں تربیت یافتہ، مستعد اور پیشہ ور سکیورٹی گارڈز کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے، ضرورت کے مطابق گارڈز کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اور انہیں جدید سکیورٹی تقاضوں کے مطابق باقاعدہ ریفریشر ٹریننگ فراہم کی جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری، موثر اور بروقت ردعمل ممکن بنایا جا سکے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ تمام بینکوں میں اندرونی و بیرونی حصوں کی مکمل نگرانی کے لیے اعلیٰ معیار کے جدید سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں، جو ہر وقت فعال رہیں اور ان کی ریکارڈنگ محفوظ رکھی جائے۔ بینکوں کے داخلی و خارجی راستوں، پارکنگ ایریاز، اے ٹی ایم بوتھس اور دیگر حساس مقامات کی مؤثر مانیٹرنگ کو یقینی بنانے کی ہدایت بھی جاری کی گئی۔ شرکا کو ہدایت کی گئی کہ ایمرجنسی رسپانس پلان پر مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، پولیس، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ رابطہ کاری کا مربوط نظام برقرار رکھا جائے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو فراہم کی جائے۔ اجلاس میں بینکوں کی سکیورٹی کے لیے جدید اور معیاری اسلحہ، حفاظتی آلات اور دیگر ضروری سکیورٹی سامان کی دستیابی، سکیورٹی سے متعلق تمام اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز (SOPs) پر سختی سے عملدرآمد اور وقتاً فوقتاً ان کا جائزہ لینے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حب، سپرنٹنڈنٹ آف پولیس حب اور میجر 147 ونگ فرنٹیئر کور نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور بینکوں کی سکیورٹی کے حوالے سے کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر بینکوں کے نمائندگان نے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور فرنٹیئر کور کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے اجلاس میں جاری کردہ ہدایات پر مؤثر عملدرآمد کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 27

سیاح دونوں عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ حاجی بصیر خان بارکزئی نے کہا کہ ہنداوڑک ایک اہم پشتون علاقہ ہے، جہاں بدامنی پھیلا کر نفرت، انتشار اور تصادم کا ماحول پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات بلوچستان کے امن، استحکام اور عوامی ہم آہنگی کے لیے انتہائی نقصان دہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید نواب اکبر خان بگٹی کی شہادت کے بعد بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال مسلسل متاثر ہوئی ہے، جس کے باعث آج بھی عوام خود کو غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، لہٰذا حکومت اور متعلقہ ادارے دہشت گردی کے واقعات کی شفاف تحقیقات کریں، ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق انصاف کے کٹہرے میں لائیں اور ہنداوڑک سمیت پورے بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری وطن پارٹی بلوچستان میں امن، بھائی چارے اور عوام کے آئینی و جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔

بقیہ 28

ریکروٹمنٹ کمیٹی کے تمام ممبران نے شرکت کی۔ اس موقع پر کنٹریکٹ پر بھرتی ہونے والے اساتذہ نے کمیٹی کے سامنے پیش ہو کر اپنی تعلیمی اسناد اور دیگر متعلقہ دستاویزات جمع کروائیں، جبکہ کمیٹی نے امیدواروں کی جانب سے دائر کیے گئے اعتراضات کو بھی غور سے سنا۔ ڈپٹی کمشنر و چیئرمین ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی عبدالرزاق ججک اور دیگر ممبران نے تمام امیدواروں کی اسناد کی جانچ پڑتال کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ اساتذہ کی بھرتی کا عمل مکمل طور پر میرٹ پر مبنی ہے اور تمام تر تقرریاں شفافیت کے اصولوں کے تحت کی جارہی ہیں انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان کی تعلیم دوست پالیسی کا مقصد تعلیمی شعبے میں بہتری لانا اور نوجوانوں کو روزگار کے شفاف مواقع فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تعلیم کے فروغ کے لیے میرٹ کی پاسداری ناگزیر ہے، اور ضلعی انتظامیہ اس سلسلے میں حکومت بلوچستان کے ویژن کے مطابق بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے۔

بقیہ 29

پاکستان پوسٹ کے محنت کش ملازمین اپنی منتخب، باوقار اور آئینی قیادت کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور ہر حال میں اپنے قائدین کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ڈاک کے ملازمین اتحاد، نظم و ضبط اور اجتماعی مفاد پر یقین رکھتے ہیں اور کسی بھی منفی پروپیگنڈے سے مرعوب ہونے والے نہیں عبدالجبار ساسولی نے کہا کہ ڈی جی پاکستان پوسٹ کے ساتھ کامیاب مذاکرات پر مرکزی و صوبائی قیادت خراج تحسین کی مستحق ہے، جنہوں نے تدبر، مستقل مزاجی اور حکمت عملی کے ذریعے ملازمین کے مسائل کو کامیابی سے اجاگر کیا اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مثبت پیش رفت کو یقینی بنایا۔ انہوں نے شیخ شاکر حسین، پرویز اختر، سردار شفیق، تحلیمن عباس، ملک یاسر، آصف عارف، محمد علی بگٹی، شادی خان اور محمد حسنی سمیت تمام مرکزی وصوبائی قائدین کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی شبانہ روز جدوجہد قابل قدر ہے انہوں نے کہا کہ چند ریٹائرڈ اور ذاتی مفادات رکھنے والے عناصر بے بنیاد پروپیگنڈے کے ذریعے ملازمین میں انتشار پیدا کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں، مگر پاکستان پوسٹ کے باشعور ملازمین ایسے عناصر کے عزائم سے بخوبی واقف ہیں اور ان کے کسی بھی منفی ایجنڈے کا حصہ نہیں بنیں گے عبدالجبار ساسولی نے واضح کیا کہ محکمہ ڈاک کے ملازمین کی طاقت ان کا اتحاد ہے، اور یہی اتحاد ہر سازش کو ناکام بنائے گا۔

Government of Pakistan
Directorate General of Immigration & Passports
G-8/I Mauve Area, Islamabad

INVITATION OF BIDS
Tender Notice: 01/03/SLA/DC/2026/LOG

HIRING OF ANNUAL MAINTENANCE & SUPPORT SERVICES (24/7) WITH PARTS AND OTHERS CONSUMABLE FOR DATA CENTER AT DGIP (HQ), ISLAMABAD

The Directorate General, Immigration & Passports (DGIP), Ministry of Interior, Government of Pakistan, invites sealed bids from eligible and authorized firms for the **Provision of Annual Maintenance & 24/7 Support Services for Data Center at DGIP (HQ), Islamabad**, including all required spare parts and consumables. The detailed Scope of Work is provided in the Bidding Documents **at Annexure-I.**

i. **Eligibility Criteria:** Bidders must be registered with the Federal Board of Revenue (FBR) and the respective Provincial Revenue Authority for Income Tax and Sales Tax and must appear on the Active Taxpayers List (ATL) for both taxes.

ii. **Background:** All bids must be accompanied by a Bid Security equivalent to **2%** of the estimated cost, amounting to **Rs. 3,360,000/-.** The Bid Security shall be in the form of a Bank Guarantee, Banker's Cheque, Pay Order, or Bank Draft issued by a scheduled bank in Pakistan and shall remain valid for thirty (30) days beyond the bid validity period.

iii. **Bidding Procedure:** The procurement shall be conducted under the **Single Stage – Two Envelope Procedure** in accordance with the Public Procurement Rules, 2004. The bidders shall submit separate sealed envelopes clearly marked **"Technical Proposal"** and **"Financial Proposal"**, enclosed in a single outer envelope.

iv. **Availability of Bidding Documents:-** The complete Bidding Documents, containing the Terms & Conditions, Scope of Work, Instructions to Bidders, Evaluation Criteria, Technical Specifications, and other relevant information, may be obtained from **Room No. 207, Directorate General, Immigration & Passports (HQ), Islamabad**, during office hours upon submission of a written request and payment of a **non-refundable fee of Rs. 5,000/-.**

v. **Submission and Opening of Bids:** The Technical and Financial Proposals, prepared in accordance with the Bidding Documents, must be submitted in hard copy at the following address: Room No. 207, 2nd Floor, Directorate General, Immigration & Passports (HQ), Mauve Area, G-8/1, Islamabad. The bids must reach the above office **on or before 03:00 PM on 11th August, 2026.** The **Technical Proposals** will be opened on the same day at **03:30 PM** in the presence of the bidders or their authorized representatives who choose to attend. The Financial Proposals of only the technically responsive bidders will be opened at a later date, which shall be communicated accordingly.

vi. **Grievance Redressal:-** In accordance with Rule 48 of the Public Procurement Rules, 2004, any bidder aggrieved by an act or decision of the Procuring Agency may seek redress through the Grievance Redressal Committee (GRC) constituted by DGIP in accordance with the applicable rules.

PID (I) No. 210/26

ASIM FAWAD MIRZA
Director (NW/F&L)
Directorate General Immigration & Passports (HQ)
Sector G-8/1, Islamabad
Tel:+92-51-9107075, Email: logistics@dgip.gov.pk

بلاشبہ ان اقدامات سے محکمے کی پیشہ ورانہ کارکردگی میں مزید بہتر بنایا جاسکتا ہے، طاہر علاو الدین کاسی

ڈی آئی جی اسپیشل برانچ کا کمانڈنٹ بی سی کے ہمراہ بی سی ہیڈ کوارٹر بدر لائن کا دورہ

ہیڈ کوارٹر کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ اور وہاں فراہم کی جانے والی سہولیات، انتظامی امور اور پیشہ ورانہ استعداد کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) ڈی آئی جی اسپیشل برانچ، طاہر علاوالدین کاسی نے ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس / کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری، اشفاق احمد کے ہمراہ بلوچستان کانسٹیبلری ہیڈ کوارٹر بدر لائن کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہیں ہیڈ کوارٹر کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرایا گیا اور وہاں فراہم کی جانے والی سہولیات، انتظامی امور اور پیشہ ورانہ استعداد کا جائزہ لیا گیا۔ دورے کے موقع پر افسران نے بلوچستا (باقی صفحہ 3 نمبر33)

شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، ناصر آغا شکرزئی

سمنگلی اور گردونواح میں چوری وڈکیتی کی بڑھتی وارداتیں شہری عدم تحفظ کا شکار ہے

کوئٹہ (آن لائن) نوجوان اتحاد کلی سمنگلی کے صدر ناصر آغا شکرزئی نے اپنے جاری کردہ بیان میں سمنگلی، کلی سلسبیل اور گردونواح میں چوری اور ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئے روز پیش آنیوالے جرائم کے باعث علاقے کے مکین خوف وہراس کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور شہریوں میں عدم تحفظ کا احساس بڑھتا جارہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقے کے نوجوان اپنی مدد آپ کے تحت شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے گلی محلوں میں رات کے وقت گشت کر رہے ہیں تاہم امن و امان برقرار رکھنا قانون نافذ کرنے والے (باقی صفحہ 3 نمبر34)

نواب زادہ میر شاہ دین خان شاہوانی کی سربراہی میں قبائلی تنازعات کے حل کیلئے گرینڈ قبائلی جرگہ کا انعقاد

مستونگ (آن لائن) نواب زادہ میر شاہ دین خان شاہوانی کے سربراہی میں قبائلی تنازعات کے حل کیلئے گرینڈ قبائلی جرگہ منعقد ہوا جرگہ میں مختلف قبائل کے تنازعات میں فریقین کو سنا گیا اور اور دیگر اقوام کے درمیان جو مسائل چل رہے تھے حل کے لئے کمیٹی کو پابند کیا گیا کے فریقین سے (باقی صفحہ 3 نمبر32)

بلوچستان میں اس وقت حکومتی رٹ نہیں، جمعیت نظریاتی

نام نہاد مسلح تنظیموں کی حملے کی وقت صوبائی حکومت اور ادارے کہاں سوئے ہوئے تھے کہ متعدد افراد اغوا اور شہید ہوئے

بلوچستان میں ایک انچ زمین نہیں کہ وہاں ریاستی رٹ قائم نہیں کیا ہنہ اوڑک بلوچستان کی زمین نہیں، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی کنوینر مولانا قاری مہر اللہ نے ہنہ اوڑک میں نام نہاد مسلح دہشت گردوں کی حملے کے خلاف دھرنے میں شرکت کر کے مقامی لوگوں کی شہادت پر اظہار افسوس اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا اور دھرنے سے اظہار یکجہتی کے موقع پر کہا کہ بلوچستان میں اس وقت حکومتی رٹ نہیں۔ کوئٹہ شہر کینٹ کے ساتھ ہنہ اوڑک (باقی صفحہ 3 نمبر31)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سینیٹر دوستین ڈومکی سے ملاقات کر رہے ہیں

نورالحق بلوچ کا معین الرحمٰن خان سے ملاقات

پانی کے اس اہم مسئلے کے حل کیلئے جلد خصوصی اجلاس منعقد کیا جائیگا

حکومت گوادر کیلئے پانی اور بجلی کے مستقل حل کیلئے پرعزم ہے

گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ نے ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ شاہد علی، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ عبدالرزاق اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران گوادر پورٹ کی آپریشنل اور (باقی صفحہ 3 نمبر30)

عبدالرزاق مجک کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی کا اجلاس

تمام تر تقرریاں شفافیت کے اصولوں کے تحت کی جا رہی ہیں، خطاب

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر وچیئرمین ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی، عبدالرزاق مجک کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں کنٹریکٹ اساتذہ کی بھرتی کے لیے فیز IV کے ٹیسٹ اور انٹرویوز کا عمل مکمل کیا گیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ 3 نمبر28)

زیارت میں پولیس اہلکاروں کی شہادت اور اغوا نہایت افسوسناک اور تشویشناک ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

حکومتی رٹ عملاً ریڈ زون تک محدود ہو کر رہ گئی ہے، جمعیت (ف)

حکومت بلوچستان میں امن و امان قائم کرنے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں ناکام ہو چکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا مجیب اللہ، مولانا محمد ایوب، مولانا سعید احمد، سید حاجی عبدالواحد آغا، حاجی رحمت اللہ، حافظ مسعود احمد، حاجی قاسم خان خلجی، حاجی محمد شاہ لالا، عبدالصمد حقیار، مفتی روزی خان بادیزئی، مولانا علی جان، مولوی جمال الدین حقانی، مولانا نقیب اللہ، مفتی رضا خان، مفتی (باقی صفحہ 3 نمبر1)

ڈاکٹر مرشد دشتی کا بی ایچ یوز شادوبند اور گھٹی ڈور کا مانیٹرنگ وسہولت کاری کا دورہ

عوام کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق عوام کو دہلیز پر معیاری، بروقت اور موثر طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی گوادر ڈاکٹر مرشد دشتی نے بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) شادوبند اور گھٹی ڈور کا مانیٹرنگ وسہولت کاری کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈاکٹر مرشد دشتی نے طبی و پیرامیڈیکل عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ای پی آئی سینٹرز، ماں و بچے کی صحت (MNCH) سینٹر، فیملی ہیلتھ کلینک، ادویات کے دستیاب ذخیرے، صفائی کی صورتحال اور مجموعی طبی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔

نئے شیڈول کے تحت مختلف علاقوں میں بجلی کی تقسیم کو منظم بنایا جائے گا، آل پارٹیز ایکشن کمیٹی

خضدار (آن لائن) آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین بشیر احمد جتک، وائس چیئرمین اشرف علی مینگل، جنرل سیکرٹری عبدالقدیر زہری اور عبدالمالک پر مشتمل وفد نے شہر میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج اور فراہمی کے مسائل کے پیش نظر گرڈ اسٹیشن خضدار کا تفصیلی دورہ کیا۔

ہنہ اوڑک کے پرامن ماحول کو ایک منظم منصوبے کے تحت خراب کیا جا رہا ہے، جے ڈبلیو پی

ایسے اقدامات بلوچستان کے امن، استحکام اور عوامی ہم آہنگی کیلئے انتہائی نقصاندہ ہیں، سینئر نائب صدر

حکومت اور متعلقہ ادارے دہشت گردی کے واقعات کی شفاف تحقیقات کریں، حاجی بصیر خان بارکزئی

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر حاجی بصیر خان بارکزئی نے ہنہ اوڑک کی موجودہ صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہنہ اوڑک کے پرامن ماحول کو ایک منظم منصوبے کے تحت خراب کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس خوبصورت سیاحتی اور پرامن علاقے میں دہشت گردی کے واقعات کے ذریعے خوف وہراس کی فضا قائم کی جا رہی ہے، جس سے مقامی آبادی اور (باقی صفحہ 3 نمبر2)

کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت مون سون بارشوں سے متعلق اجلاس

محفوظ مقامات کی نشاندہی اور عوام کی بروقت منتقلی کے انتظامات مکمل کیے جائیں

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت ممکنہ مون سون بارشوں اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی آئی جی کامران نواز، سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن مدثر ظفر کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر کیرتھر کینال غلام محمد بادینی، عبدالعزیز بزدار (باقی صفحہ 3 نمبر3)

فرید آباد، پاکستان پوسٹ کے محنت کش ملازمین اپنی منتخب، باوقار اور آئینی قیادت کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار

فرید آباد (آن لائن) نوپ سی بی اے بلوچستان کے سینئر رہنما عبدالجبار ساسولی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ (باقی صفحہ 3 نمبر29)

گھر میں لاکھوں روپے کی ہونے والی چوری کو آج ایک سال گزر گیا ہے، اطہر صدیقی

فرید آباد (آن لائن) خیر پور کے سینئر صحافی محمد اطہر صدیقی نے کہا ہے کہ ان کے گھر میں لاکھوں روپے کی ہونے والی چوری کو آج ایک سال گزر گیا ہے تین ایس ایس پیز تبدیل ہو گئے

اے سی قلات کے زیر صدارت محکمہ ریونیو اسٹاف کا اجلاس

ریونیو معاملات ریکارڈ اور اپنے کام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی

قلات (خ ن) سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں ریونیو ریکارڈ درست رکھنے اور درخواست گزاروں کو سہولیات فراہمی کیلئے اقدامات شروع کر دیے گئے ہیں قلات انتظامیہ نے ریونیو افسران کو سختی سے احکامات جاری کر دیے ہیں کہ وہ دفتر آنے والے سائلین کیساتھ خندہ پیشانی کے ساتھ پیش آئیں اور انکے مسائل فوری حل کریں تاکہ عوام کو کوئی مشکل پیش نہ آئے

صادق عمرانی نے ہمیشہ عوامی مفادات کو ترجیح دی ہے، مہراللہ جکھرانی

نصیر آباد (آن لائن) معروف سیاسی وقبائلی رہنما مہراللہ خان جکھرانی نے پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ایم پی اے اریگیشن میر محمد صادق عمرانی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے ہماری جکھرانی برادری درخواست پر (باقی صفحہ 3 نمبر4)

محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ معاوضہ کمیٹی کا اجلاس

کیسز کو جلد از جلد مکمل کر کے تمام قانونی و انتظامی کارروائی بروقت یقینی بنائی جائے

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ معاوضہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ہنہ وڑک اور حالیہ دیگر واقعات کے متاثرین سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران شہدا اور زخمیوں کی تفصیلات پیش کی گئیں اور متاثرہ خاندانوں کو حکومتی پالیسی کے مطابق معاوضے کی فراہمی کے حوالے سے پیش رفت پر غور کیا گیا۔

کوئٹہ، بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی آپریشن ٹیمیں سی پیک روڈ پر سیوریج کے پانی سے کاشت کردہ مضر صحت سبزیاں تلف کر رہی ہیں

مولانا ہدایت الرحمٰن کی معین الرحمٰن خان سے ملاقات

آئی سی ٹی بلڈنگ اور دیگر اہم منصوبوں پر بھی تیزی سے کام جاری ہے

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن نے ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ شاہد علی، چیئرمین میونسپل کمیٹی گوادر ماجد جوہر، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ عبدالرزاق اور دیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران گوادر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں، ان کو درپیش چیلنجز، فنڈز کی دستیابی اور فشرمین کالونی (باقی صفحہ 3 نمبر7)

زہریلی ومضر صحت فصلوں کے خاتمے کا عزم، مزید 36 ایکڑ پر کاشت سبزیاں تلف

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی حبیب اللہ خان نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر وچیئرمین بی ایف اے حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایات پر صوبہ بھر سے مضر صحت (باقی صفحہ 3 نمبر6)

بابر خان کی زیر صدارت ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی کا اجلاس

کسی بھی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی

محکمہ مواصلات وتعمیرات کے تحت مختلف سڑکوں سے متعلق ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری محکمہ مواصلات وتعمیرات بابر خان کی زیر صدارت ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع کچھی بولان ضلع سبی ضلع نصیر آباد ضلع جعفر آباد اور ضلع صحبت پور میں محکمہ کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں چیف انجینئر سبی زون زبیر احمد کھوسہ، چیف انجینئر نصیر آباد زون محمد بشیر ناصر ٹیکنیکل ایڈوائزر احسان اللہ خان دوتانی پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پی اینڈ ڈی کے حکام اور متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ان اضلاع میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کے تحت مختلف سڑکوں سے متعلق ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا متعلقہ حکام نے منصوبوں کی فزیبلٹی تخمینہ لاگت تکنیکی (باقی صفحہ 3 نمبر5)

وفاقی وزیر جام کمال خان کی میر اعجاز خان جکھرانی کے صاحبزادے کے انتقال پر تعزیت

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کراچی میں رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کی رہائش گاہ پر جا کر ان کے صاحبزادے میر زاہد خان جکھرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ منگل کو جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ جام کمال خان نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 نمبر8)

غیر قانونی قبضوں اور ناجائز تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی، ڈی سی گوادر

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کا نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم کے حوالے سے اہم پیغام نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم میں غیر قانونی قبضوں اور ناجائز تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے

ملک اور صوبے کی جمہوری سیاست میں ایچ ڈی پی ان چند ایک جماعتوں میں شامل ہے، خطاب

کوئٹہ سمیت پورا صوبہ جل رہا ہے، ایچ ڈی پی

حملہ درجنوں پولیس اہلکاروں کی شہادت اور بڑی تعداد میں اہلکاروں کے لاپتہ ہونے پر انتہائی دکھ اور افسوس ہوا

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری احمد علی کوہزادنے ایچ ڈی پی کے کارکنوں حامیوں اور دنیا بھر میں مقیم ہزارہ قوم کو پارٹی کی چھبیسویں یوم تاسیس کی مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ پارٹی نے اپنے قیام سے لیکر آج تک ہزارہ قوم میں سیاسی و جمہوری کلچر کے فروغ کیلئے کام کیا ہے ہم نے پارٹی قیادت کے اعلیٰ ترین منصب تک ایک عام کارکن کی رسائی کو ممکن بنانے کیلئے آئیڈیل کردار ادا (باقی صفحہ 3 نمبر9)

کوئٹہ، اسپیشل سیکرٹری خزانہ محمد عارف اچکزئی قومی مالیاتی کمیشن اور ورلڈ بینک کے رپورٹ سے متعلق اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کر رہے ہیں

کوئٹہ، اسپیشل سیکرٹری خزانہ محمد عارف اچکزئی سرکاری ملازمین کے ہیلتھ انشورنس سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوامی مسائل کا بروقت حل انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے، قادر بخش گویا

لوکل کے اجرا کے تمام زیر التوا معاملات کو ہنگامی بنیادوں پر نمٹا کر عمل کو شفاف اور تیز بنایا جائے

بھاگ (ان لائن) ضلعی امیر جماعت اسلامی قادر بخش گویا نے اپنے جاری کردہ بیان میں ضلع کچھی، خصوصاً بھاگ ناڑی میں لوکل سرٹیفکیٹ کے اجرا میں مسلسل تاخیر پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کئی ماہ گزرنے کے باوجود سینکڑوں درخواست گزار اپنے لوکل سرٹیفکیٹ کے حصول کے منتظر ہیں، جس کے باعث عوام شدید ذہنی اذیت اور مشکلات سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوکل سرٹیفکیٹ ایک بنیادی اور نہایت اہم دستاویز ہے، جس کی عدم دستیابی سے نوجوانوں کا مستقبل متاثر ہو رہا ہے۔ متعدد امیدوار صرف سرٹیفکیٹ جاری نہ ہونے کی وجہ سے مقابلے (باقی صفحہ 3 نمبر23)

ڈی ایچ کیو ہسپتال ہرنائی میں گزشتہ چار روز سے جاری پرامن دھرنا بالآخر رنگ لے آیا

ہرنائی (آن لائن) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال ہرنائی میں گزشتہ چار روز سے جاری پرامن دھرنا بالآخر رنگ لے آیا۔ ہسپتال انتظامیہ نے عوامی مطالبات کو تسلیم کرتے ہوئے مکمل تعاون کا مظاہرہ کیا، جس کے نتیجے میں ہسپتال میں طویل عرصے سے متوقع (باقی صفحہ 3 نمبر24)

اسلام ہمیں عفو و درگزر کی تعلیم دیتا ہے، ڈاکٹر قاری عبدالرشید

اس لیے اللہ تعالیٰ نے انسانی قتل جس میں قصاص کا ذکر ہے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) مہتمم مدرسہ البنات بلوچستان و ممبر رویت ہلال کمیٹی ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے سات جولائی عالمی یوم عفو و درگزر کی مناسبت سے مقامی ہوٹل میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام ہمیں عفو و درگزر کی تعلیم دیتا ہے اور قرآن مجید کی متعدد آیات کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے درگزر کرنے والوں کی تعریف کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عفو و درگزر کرنا اعلیٰ صفت ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے انسانی قتل جس میں قصاص کا ذکر ہے ساتھ ہی مقتول کے ورثا کو معاف کر دینے کا اختیار بھی دیا ہے کہ وہ قتل جیسے معاملہ کو عفو و درگزر سے حل کر سکتے ہیں۔

جعفر آباد، کوئٹہ روڈ، ڈیرہ اللہ یار کے قریب کامیاب کارروائی 6 کلوگرام چرس برآمد

جعفر آباد (آن لائن) سیکرٹری ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس بلوچستان سید ظفر علی شاہ بخاری کی خصوصی ہدایات اور ڈائریکٹر جنرل ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس ساؤتھ زون محمد زمان کی نگرانی میں ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس آفیسر ضلع جعفر آباد کی ٹیم نے (باقی صفحہ 3 نمبر10)

حب، پی ایس ایل فیکٹری آلودگی پھیلانے اور ماحولیات کی خلاف ورزی پر سیل

شہر میں عوامی صحت اور ماحول کو نقصان پہنچانے والی کمپنیوں کے خلاف کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، اے سی حب

حب (خ ن) حب ہائیٹ انڈسٹریل ایریے حب میں پی ایس ایل فیکٹری آلودگی پھیلانے اور ماحولیات کی خلاف ورزی کرنے پر محکمہ ماحولیات اور حب انتظامیہ نے فیکٹری کو سیل کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق حب ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ماحولیات کا بڑا ایکشن لیتے ہوئے حب ہائیٹ انڈسٹریل ایریے میں پی ایس ایل کمپنی آلودگی پھیلانے اور ماحولیات کی خلاف ورزی اور بالخصوص علاقہ مکینوں کی شکایات پر ان ایکشن اسسٹنٹ کمشنر حب مہم خان لہڑی اور ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات عمران سعید کی سربراہی میں کارروائی کرتے ہوئے پی ایس ا (باقی صفحہ 3 نمبر22)

خاران، واشک اور پنجگور کے مستحق گھرانوں میں آمدن بڑھانے والے اثاثہ جات کی تقریب تقسیم کا انعقاد

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان کے ریزیلینس، انٹیگریشن اینڈ سوشو اکنامک ایمپاورمنٹ (RISE) پروگرام کے تحت خاران، واشک اور پنجگور کے 60 مستحق افراد میں آمدن بڑھانے والے اثاثہ جات تقسیم کیے گئے۔ اس اقدام کا مقصد مستحق خاندانوں کو با (باقی صفحہ 3 نمبر25)

ڈی سی حب کی زیر صدارت کمرشل بینکوں کی سیکورٹی سے متعلق اجلاس

جدید سیکورٹی تقاضوں کے مطابق باقاعدہ ریفریشر ٹریننگ فراہم کی جائے

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت ضلع بھر کے کمرشل بینکوں کی سیکورٹی سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس حب، میجر 147 ونگ فرنٹیئر کور، ضلع میں قائم تمام کمرشل بینکوں کے نمائندگان اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کے کمرشل بینکوں کی موجودہ سیکورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ممکنہ خطرات کے پیش نظر حفاظتی انتظامات کو مزید موثر، مربوط اور جدید تقاضوں سے ہم (باقی صفحہ 3 نمبر26)

سردار اختر مینگل کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و قائد بلوچستان سردار اختر جان مینگل، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل ملک نصیر احمد شاہوانی مرکزی ہیومن رائٹس سیکرٹری احمد نواز بلوچ، سابق رکن بلوچستان اسمبلی بابو محمد رحیم مینگل، حاجی میر بہادر خان مینگل، میر سکندر (باقی صفحہ 3 نمبر11)

پشتونخوا میپ کا سینٹ گیبرل سکول کی بندش پر سخت تشویش کا اظہار

جائیداد پر خرید و فروخت کا نوٹس لینا صوبائی وزیراعلیٰ، چیف سیکرٹری کی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں سینٹ گیبرل سکول کی بندش پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ تعلیمی ادارے (باقی صفحہ 3 نمبر12)

کوئٹہ، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت صوبے میں امن و امان کے قیام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی، صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری

نوابزادہ امیر حمزہ زہری کا ہنہ اوڑک اور زیارت واقعات پر افسوس کا اظہار

دہشت گردی کے جڑ سے خاتمے تک تمام ممکنہ اقدامات اور سرگرمیاں پوری طاقت سے جاری رہیں گے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے زیارت میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی کو خراج تحسین جبکہ ہنہ اوڑک واقعے میں بے گناہ شہریوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے زیارت میں فتنہ الخوارج سے وابستہ دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور شدید افسوس کا اظہار کیا ہے انھوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر13)

نصیر آباد میں نیشنل ہائی وے پولیس نے کوچ کے مسافروں کو لوٹنے کی کوشش ناکام بنادی

کوئٹہ (آن لائن) نصیر آباد میں نیشنل ہائی وے پولیس نے کوچ کے مسافروں کو لوٹنے کی کوشش ناکام بنادی ملزمان فائرنگ (باقی صفحہ 3 نمبر14)

دہشت گردی کسی ایک علاقے یا قوم کا نہیں، میر عثمان

قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) انٹرنیشنل اور سیز اکنامک کوریڈور کے ڈائریکٹر جنرل، سیاسی، قبائلی و سماجی رہنما میر عثمان گورگیج نے ہنہ اوڑک اور زیارت میں پیش آنے والے دہشت گردانہ حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہید ہونے والے پولیس افسران، اہلکاروں اور شہریوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں میر عثمان گورگیج نے کہا کہ دہشت (باقی صفحہ 3 نمبر15)

فیسوں کی وصولی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، اکیڈمک اسٹاف

اساتذہ کا کردار تعلیمی و تدریسی امور تک محدود رکھا جائے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) فیسوں کی وصولی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، اساتذہ کا کردار تعلیمی و تدریسی امور تک محدود رکھا جائے اکیڈمک اسٹاف کی جانب سے اس امر پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے کہ امتحانات کے دوران بعض مواقع پر فیسوں کی عدم ادائیگی سے متعلق معاملات میں چیئر پرسنز اور اساتذہ کو براہ راست شامل کیا جاتا ہے، جس کے نتیجے میں انہیں طلبہ کے ساتھ غیر ضروری بحث و تکرار، دباؤ اور ناخوشگوار صورتحال کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس طرز عمل سے نہ صرف اساتذہ کے تدریسی ماحول پر منفی اثر پڑتا ہے بلکہ ان کے وقار اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں پر بھی غیر (باقی صفحہ 3 نمبر20)

وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی زیر صدارت اجلاس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق گڈانی میں شرمپ ہیچری منصوبے کی منصوبہ بندی اور عملدرآمد کے آغاز کے لیے اہم شراکت داروں کا ایک آن لائن رابطہ اجلاس بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی زیر صدا (باقی صفحہ 3 نمبر19)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت اجلاس

ترقیاتی اسکیموں پر کام کی پیش رفت کے حوالے سے جائزہ

سرکاری اراضی کو تجاوزات سے واگزار کرایا جائے، ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کوئٹہ میں جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں پر کام کی پیش رفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق، اسسٹنٹ کمشنر صدر، اسسٹنٹ کمشنر سریاب، متعلقہ تحصیلداران، سیٹلمنٹ آفیسر، محکمہ C & W، کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (QDA) اور (باقی صفحہ 3 نمبر18)

میونسپل کارپوریشن حب شہر کے نومنتخب چیئرمین گل حسن محمد حسنی عہدے کا حلف اٹھالیا

حب (آن لائن) میونسپل کارپوریشن حب شہر کے نومنتخب چیئرمین گل حسن محمد حسنی نے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ تفصیلات (باقی صفحہ 3 نمبر17)

عوام کا کاروبار اور معیشت تباہ ہوگیا ہے، مولانا عبدالمالک

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالمالک اور صوبائی رابطہ کمیٹی کے ارکان مولانا محمد اقبال عثمانی، مفتی مطیع الرحمن لانگو، حافظ محمد ہمایوں چشتی، مولانا عبدالغنی ساسولی، پروفیسر حسین احمد شیرانی اور گریگری انوینٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ہنہ اوڑک زیارت اور دوسرے علاقوں میں دن بہ دن بگڑتی ہوئی امن وام (باقی صفحہ 3 نمبر16)

بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ کا یونیسیف کے تعاون سے پیرنٹنگ منتھ کے سلسلے میں سیمینار اور واک

لورالائی (آن لائن) بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ نے یونیسیف کے تعاون سے پیرنٹنگ منتھ کے سلسلے میں ایک سیمینار اور واک کا انعقاد کیا، جس کا مقصد والدین میں بچوں کی متوازن پرورش، صحت مند غذائیت اور مثبت تربیت کے حوالے سے (باقی صفحہ 3 نمبر21)

کوئٹہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ ڈسٹرکٹ معاوضہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون/فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com